رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
A.B.C Certified
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
فون 2832244-2829384 فیکس 2832255
جلد 38 | بدھ 26 ربیع الاول 1448ھ | 09 ستمبر 2026ء | شمارہ 57

# نیکٹا میں تعیناتی فوج کا اندرونی معاملہ ہے، نیشنل ایکشن پلان پر عمل ہونا چاہیے، 27 ستمبر احتجاج کی اپیل نظر ثانی نہیں کر سکتے، گوہر

ملاقاتیں نہ ہونے پر تشویش ہے، اسی وجہ سے حالات اس نہج پر پہنچے ہیں، سیاسی تناؤ اور چپقلش سے عوام اکتا چکی ہے، حالات بہتر کرنے کے لیے سب کو ایک ایک قدم پیچھے ہٹنا ہوگا، چیئرمین پی ٹی آئی

**موجودہ پارلیمنٹ پہلے ہی متنازع آئینی ترامیم کر چکی ہے، مزید ترمیم سے وفاق کمزور ہوگا، اگر آبادی ہی معیار ہے تو اتر پردیش، جس کی آبادی تقریباً 25 کروڑ ہے، وہاں بھی تین تین کروڑ آبادی پر صوبے بنانے چاہئیں**

راولپنڈی (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے اڈیالہ روڈ داہگل ناکہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں نہ ہونے پر تشویش ہے، اسی وجہ سے حالات اس نہج پر پہنچے ہیں۔ بانی کے ساتھ روا رکھا جانے والا سلوک ملکی تاریخ میں کسی سیاسی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

## پاکستان اور اٹلی کے درمیان بہترین دوطرفہ تعلقات قائم ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں تعینات اٹلی (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

## وزیراعظم پاکستان کی سعودی عرب پر بزدلانہ حوثی حملوں کی شدید مذمت

**پاکستان سعودی عرب کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنی حمایت جاری رکھے گا، شہباز شریف کا بیان**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب میں شہری اور توانائی کی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حوثیوں کے بزدلانہ حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کی پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## حدود سمندری کے نگہبان کو سلام، پاک بحریہ کا علاقائی امن میں اہم کردار ہے، صدر مملکت

**آپریشن سومناتھ پاک بحریہ کی بہادری اور عزم کی علامت ہے، یوم بحریہ پر صدر مملکت کا شہدا و غازیوں کو خراج عقیدت پیش**

**پاک بحریہ آئندہ بھی بہادری، وقار اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ ملکی سمندری حدود اور قومی بحری مفادات کا تحفظ جاری رکھے گی**

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم بحریہ کے موقع پر پاک بحریہ کے افسران، سیلرز، سویلینز، شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک بحریہ ملکی سمندری مفادات کے تحفظ کے ساتھ علاقائی امن کے فروغ میں بھی اہم (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

## آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کا کرائے بڑھانے کا اعلان

**روزانہ کی بنیاد پر پیٹرول قیمت بڑھانے کا فیصلہ واپس لیا جائے، دوبارہ ملک گیر ہڑتال کی بھی دھمکی**

کراچی (این این آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے 5 فیصد کرائے بڑھانے کا اعلان کرتے ہوئے مقررہ مدت میں مطالبات پر موثر پیش رفت نہ (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

## اپوزیشن اور جے یو آئی کا حکومت کو ٹائم دینے کا فیصلہ

**سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس اور رہنما جے یو آئی مولانا عطا الرحمٰن کے درمیان ملاقات**

**مولانا فضل الرحمٰن کے گھر فیصلہ ہوا تھا کہ ایوان میں اپوزیشن متفقہ حکمت عملی اپنائے گی، اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس**

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس اور جے یو آئی ف کے رہنما مولانا عطا الرحمٰن کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں حکومت کو ٹائم دینے کا فیصلہ کیا گیا اس حوالے سے اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن کے گھر فیصلہ ہوا تھا کہ ایوان میں اپوزیشن متفقہ حکمت عملی اپنائے گی، طے ہوا تھا کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں مل کر اپوزیشن کا کردار ادا کرنا ہے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

لاہور: جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

## ہم نے اس ملک میں رہنا ہے تو اپنے ضمیر کی بات کرینگے، ہم آپ کی بھی خیر خواہی اسی میں دیکھتے ہیں، صوبوں کے معاملے سیاسی جماعتوں کو بھی کردار ادا کرنا ہوگا، مولانا فضل الرحمٰن

**پیپلز پارٹی بات تو کرتی ہے لیکن وہ صرف سندھ کی حد تک کرتی ہے، مسلم لیگ (ن) خاموشی اختیار کیے ہوئے ہے، مرکز میں حکومت (ن) کی ہے، قومی سطح کے معاملات کا کے کے حوالے ہیں**

**دو تین آپشنز ہیں، یہ صورت بھی اور یہ صورت بھی اور یہ صورت بھی، یہ فاٹا کے عوام کے سیاسی مستقبل کا مسئلہ ہے، لہٰذا فاٹا کے عوام سے پوچھ لیا جائے، ان کی منشاء سے فیصلہ کیا جائے، خطاب**

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہم نے اس ملک میں رہنا ہے تو اپنے ضمیر کی بات کریں گے، ہم خیر خواہی کی بنیاد پر بات کرتے ہیں، ہم آپ کی بھلائی اسی میں دیکھتے ہیں، ہم آپ کی بھی خیر خواہی اسی میں دیکھتے ہیں، آپ کا مزاج بن گیا ہے کہ آپ کو خوشامد گروں کی زبان اچھی لگتی ہے، اگر کوئی سیدھی بات کرے تو وہ آپ کو بری لگتی ہے۔ لاہور میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ ہم ملک کو آپ کی ملکیت نہیں مانتے، یہ ملک ہمارا ہے، ہم اس کے شہری ہیں، اور ریاست عوام کے بغیر کچھ نہیں ہے۔ ہم اصولاً کسی یونٹ کے بنانے کے خلاف نہیں، یونٹس بنتی رہتے ہیں، بھارت میں بھی بنے ہیں، افغانستان میں بھی بنی ہیں، دوسرے ملکوں میں بھی بنے ہیں، لیکن وقت اور ماحول کو بھی دیکھنا چاہیے۔ ہم نے یہ نہیں کہا تھا کہ فاٹا کو صوبے میں انضمام نہیں ہونا چاہیے، ہم نے کہا، دو تین آپشنز ہیں، یہ صورت بھی اور یہ صورت بھی اور یہ صورت بھی، یہ فاٹا کے عوام کے سیاسی مستقبل کا مسئلہ ہے، لہٰذا فاٹا کے عوام سے پوچھ لیا جائے، ان کی منشاء سے فیصلہ کیا جائے، لیکن آپ نے ان پر تھوپ دیا، آج اس کا کیا حشر ہے؟۔ اس وقت باجوہ صاحب تھے، جو مجھے کہتے تھے (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

## پاکستانی معیشت مستحکم، ہرمز بحران کے جھٹکے برداشت کر سکتی ہے، موڈیز

اسلام آباد (این این آئی) موڈیز نے کہا ہے کہ پاکستانی معیشت مستحکم ہے اور ہرمز بحران کے جھٹکے برداشت کر سکتی ہے۔ بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی موڈیز کی (بقیہ نمبر 46 صفحہ 6 پر)

## پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات ریکارڈ 568 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات ریکارڈ 568 ملین ڈالر کی سطح تک پہنچ چکی ہیں۔ اپنے بیان (بقیہ نمبر 47 صفحہ 6 پر)

## کوئٹہ کا چہرہ ہے شہر کی ترقی اور خوبصورتی پورے بلوچستان کی شناخت ہے، میر سرفراز بگٹی

**حکومت کوئٹہ کو ایک بہتر، خوبصورت اور جدید صوبائی دارالحکومت بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان**

**شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی اور تزئین و آرائش کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے حوالے سے اہم اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی ترقی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے جاری منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت 12 منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں، 7 منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ 5 نئے منصوبے بھی تجویز کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جاری منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت (بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی رکن اسمبلی میر صادق سنجرانی اور پارلیمانی سیکرٹری میر برکت علی رند ملاقات کر رہے ہیں

## پاکستان چاروں صوبوں کے ساتھ ہمیشہ قائم و دائم رہے گا، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نئے صوبوں کے قیام کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اپنے چاروں صوبوں کے ساتھ ہمیشہ قائم و دائم رہے گا، سندھ پاکستان بنانے والے بانی صوبوں میں شامل ہے اور ملک کی سلامتی و یکجہتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ متحد قوم اور مضبوط مسلح افواج کے ہوتے ہوئے پاکستان کو کوئی خطرہ (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

## 27 ستمبر احتجاج کیس پر اسلام آباد ہائیکورٹ کا لارجر بینچ بنانے کا فیصلہ

**چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر نے شہری وقاص احمد کی درخواست پر سماعت کی**

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کو متوقع احتجاج اور لانگ مارچ کے خلاف دائر درخواست پر اہم پیش رفت کرتے ہوئے معاملے کی حساسیت کے پیش نظر لارجر بینچ تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

## مصطفیٰ کمال نے پمز میں 10 فیصد مریضوں سیفیس لیے جانے کا نوٹس لے لیا

**فیس دہندہ 10 فیصد مریض پمز کے بارے میں باتیں کرتے ہوں گے، وفاقی وزیر صحت کا بیان**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پمز میں 10 فیصد مریضوں سیفیس لیے جانے کا نوٹس لیتے ہوئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر محمد سلمان پراظہار برہمی کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پمز میں 10 فیصد مریضوں سے (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

## سپریم کورٹ نے ایف بی آر افسران کو ہیڈ کوارٹر الاؤنس دینے کے فیصلے کے خلاف اپیلیں خارج کر دیں

**اگر ایف بی آر ٹائم اسکیل ملازمین کو الگ کرنا چاہتا ہے تو دوبارہ سمری بھجوائی جا سکتی ہے، چیف جسٹس کے ریمارکس**

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے افسران کو ہیڈ کوارٹر الاؤنس دینے سے متعلق سروس ٹریبونل کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے ایف بی آر کی اپیلیں خارج کر دیں۔ کیس کی سماعت منگل کو چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں تعینات اٹلی کے نئے سفیر یوگو سیارلا تانی ملاقات کر رہے ہیں

## راولپنڈی کی اڈیالہ جیل کے اطراف نیا سیکیورٹی پلان تاحکم ثانی نافذ کر دیا گیا

**اڈیالہ جیل کے گرد و نواح میں 8 اہم مقامات پر پولیس ناکے لگائے جائیں گے، پولیس ذرائع**

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی اڈیالہ جیل کے اطراف کی سیکیورٹی مزید سخت اور نیا سیکیورٹی پلان تاحکم ثانی نافذ کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل کے گرد و نواح میں 8 اہم مقامات پر پولیس ناکے لگائے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق داہگل، گیٹ نمبر 1، (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

## پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن منگل کو منایا گیا

**اس دن کے منانے کا مقصد دنیا بھر کے کروڑوں ناخواندہ افراد کو تعلیم کی اہمیت سے روشناس کروانا ہے**

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن 8 ستمبر منگل کو منایا گیا اس دن کے منانے کا مقصد دنیا بھر کے کروڑوں ناخواندہ افراد کو تعلیم کی اہمیت سے روشناس کروانا ہے اس دن کے حوالے سے ملک بھر کے تمام شہروں میں انسانی حقوق کی (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

## کراچی بلدیہ عظمیٰ (کے ایم سی) کی عمارت میں آتشزدگی میئر کراچی کا دفتر مکمل طور پر جل گیا

**حادثے کے دوران کسی قسم کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، فوری طور پر وجوہات معلوم نہ ہو سکیں**

کراچی (آن لائن) ایم اے جناح روڈ پر واقع کراچی بلدیہ عظمیٰ (کے ایم سی) کی عمارت میں آتشزدگی کے باعث میئر کراچی کا دفتر مکمل طور پر جل گیا۔ کے ایم سی ہیڈ آفس میں لگنے والی آگ پر 3 فائر ٹینڈرز نے قابو پا لیا۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ میئر (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

## جام کمال خان چار روزہ دورے پر ہانگ کانگ کا دورہ کریں گے

**بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ، وفاقی وزیر تجارت پاکستان کی نمائندگی کریں گے**

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان چار روزہ اعلیٰ سطحی سرکاری دورہ پر ہانگ کانگ روانہ ہو گئے، جہاں وہ بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ دورے کے دوران پاکستان کی تجارت کے فروغ، عالمی شراکت داریوں کے (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

## اسلام آباد ڈسٹرکٹ جوڈیشری کے ججز کے دوسرے صوبوں میں تبادلوں کی راہ ہموار ہو گئی

**ترمیم کے ذریعے ڈسٹرکٹ جوڈیشری کے ججز کا تبادلہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے انتظامی کنٹرول میں دے دیا گیا**

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد جوڈیشل سروس رولز 2011 میں ترمیم کی منظوری دے دی گئی۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے انتظامی کمیٹی کی سفارش پر ترمیم کی منظوری دی، جس کا گزٹ نوٹیفکیشن بھی سامنے آ گیا۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

## اسلام آباد کو خودمختار یونٹ بنانے کیلئے نئے مقامی ٹیکس کی تجویز زیر غور

**حدود میں بنیادی سہولیات اور انتظامی ڈھانچے کو چلانے کے لیے ریونیو اکٹھا کیا جائیگا**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اسلام آباد کو خودمختار یونٹ بنانے کی صورت میں مقامی سطح پر نیا ٹیکس لگانے کی تجاویز کا جائزہ لینا شروع کر دیا ہے، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان قرض پروگرام کے تحت پانچویں جائزے کے مذاکرات رواں ماہ شروع ہوں گے، آئی ایم ایف وفد کے ساتھ رواں ماہ مذاکرات کے دوران ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلیٹی پروگرام کے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

## شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

**حکومت اسلام آباد پولیس کو جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل فراہم کر رہی ہے، شہباز شریف**

**وزیراعظم محمد شہباز شریف کی اسلام آباد پولیس کو 50 الیکٹرک گاڑیوں کی حوالگی کی تقریب میں شرکت، چابیاں وزیر داخلہ کے حوالے**

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد پولیس کو جدید، محفوظ اور ماحول دوست پولیسنگ کے فروغ کے لیے 50 الیکٹرک گاڑیاں فراہم کر دی گئیں۔ اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے الیکٹرک گاڑیوں کی چابیاں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی کے حوالے کیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل (بقیہ نمبر 48 صفحہ 6 پر)

## سیکورٹی فورسز کی کھڈ کوچہ اور واشک میں کارروائیاں، کالعدم تنظیم کے 6 دہشتگرد ہلاک

**واشک، دہشتگردوں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 خوارج ہلاک، قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر حساس مواد برآمد کر لیا**

**دوسری کارروائی میں کھڈ کوچہ کے علاقے میں کالعدم تنظیم کے دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 3 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا**

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کی جانب سے بلوچستان کے علاقوں کھڈ کوچہ اور واشک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کالعدم تنظیم کے 6 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے اسلحہ، ایمونیشن اور بارود قبضے میں لے لیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن رد الفتنہ تھری کے دوران انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران واشک میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

## اڈیالہ جیل کے تین قیدیوں کا عمران خان جیسی طبی سہولیات کے لیے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع

اسلام آباد (این این آئی) قیدیوں نے بانی پی ٹی آئی جیسی طبی سہولیات لینے کے لیے وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر کر دی، ذرائع کے مطابق آئینی عدالت نے درخواست کو نمبر بھی الاٹ کر دیا ہے۔ اڈیالہ جیل کے تین قیدیوں نے بانی پی ٹی آئی کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ وفاقی آئینی عدالت میں چیلنج کر دیا (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے ممتاز صنعت کاروں اور کاروباری شخصیات کا وفد ملاقات کر رہا ہے

## محسن نقوی کا اسلام آباد پولیس کے جدید کمانڈ کنٹرول کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر کا افتتاح

**نئے سینٹر کا بنیادی مقصد آئی جی اسلام آباد کو ایک ہی مقام سے پوری اسلام آباد پولیس کی موثر کمانڈ اور مانیٹرنگ کی سہولت فراہم کرنا ہے**

**جدید سینٹر سے اسلام آباد پولیس کی کمانڈ، مانیٹرنگ، کوآرڈینیشن اور فوری فیصلہ سازی کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی، محسن نقوی**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد پولیس کے جدید کمانڈ، کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر کا افتتاح کر دیا نئے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے آئی جی اسلام آباد اپنے دفتر سے سیف سٹی، پولیس آپریشنز اور شہر میں امن و امان کی صورتحال کو براہ راست مانیٹر اور کمانڈ کر سکیں گے جدید سینٹر سے اسلام آباد پولیس کی کمانڈ، مانیٹرنگ، کوآرڈینیشن اور فوری فیصلہ سازی کے نظام میں نمایاں (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

## سندھ کے عوام نے نئے صوبوں کے قیام کی بھرپور حمایت کر دی

کراچی (این این آئی) انتظامی بہتری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے سندھ کے عوام نے نئے صوبوں کے قیام کی بھرپور حمایت کر دی۔ نئے انتظامی یونٹس کے قیام (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

## آئی ٹی برآمدات میں اضافہ؛ پاکستانی ٹیک سیکٹر کی عالمی منڈیوں تک رسائی

**مالی سال 2025-26 پاکستان کی آئی سی ٹی برآمدی ترسیلات میں سالانہ 19.7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا**

اسلام آباد (این این آئی) ملکی آئی ٹی برآمدات میں اضافے کے نتیجے میں پاکستانی ٹیک سیکٹر کی عالمی منڈیوں تک رسائی بڑھنے لگی۔ پاکستان کا آئی ٹی شعبہ برآمدات اور ڈیجیٹل کاروبار میں نمایاں پیش رفت کے ذریعے عالمی سطح پر تیزی سے ابھر رہا ہے۔ مالی سال (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

## نئے صوبوں کے قیام پر گلی محلوں اور ہر سطح پر بحث ہونی چاہیے، نئے انتظامی یونٹس کا قیام ملک کے مفاد میں ہوگا، خواجہ آصف

**سیاسی لوگوں کی باتوں کو ڈسٹارٹ کر کے غلط معنی نکالے جاتے ہیں، سندھ سمیت تمام معاملات ٹھیک ہو جائیں گے**

**صوبوں کے معاملے پر آخر کار پارلیمنٹ نے فیصلہ کرنا ہے، احتجاج اور اپنی رائے دینا سب کا حق ہے، وزیر دفاع**

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مریم نواز نے صوبوں سے متعلق خطرے کی کوئی بات نہیں کی، ان کے بیان کو توڑ مروڑ کر غلط مطلب نکالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ سیاسی لوگوں کی باتوں کو ڈسٹارٹ کر کے غلط معنی نکالے جاتے ہیں، سندھ سمیت تمام معاملات ٹھیک ہو جائیں گے۔ احتجاج اور اپنی رائے دینا سب کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کا قیام (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

## صحت کے شعبے کو سٹریٹ کیئر سے نکال کر ہیلتھ کیئر کی طرف لے جانا ہوگا، وزیر صحت

**ہسپتال، ڈاکٹر، طبی عملہ اور جدید طبی مشینری کی تعداد میں محض اضافہ کر کے صحت کے مسائل پر قابو نہیں پایا جا سکتا**

**صاف پانی، صفائی، غذائیت، ماں اور بچے کی صحت اور عوامی آگاہی پر سرمایہ کاری کرنا ہوگی، مصطفیٰ کمال**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ صحت کے شعبے کو سٹریٹ کیئر سے نکال کر ہیلتھ کیئر کی طرف لے جانا ہوگا، صحت کے نظام کو صرف ہسپتال بنانے اور مریضوں کا علاج کرنے تک محدود نہیں رکھا جا سکتا بلکہ بیماریوں سے بچا (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)



اسلام آباد: وفاقی مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سینیٹ موبائل ایپلی کیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## پاکستانی خشک مرچوں کی 80 ٹن سے زائد کھیپ چینگدو پہنچ گئی

چینگدو (این این آئی) پاکستان سے اعلیٰ معیار کی 80 میٹرک ٹن سے زائد خشک مرچوں کی کھیپ چینگدو انٹرنیشنل ریلوے پورٹ پہنچ گئی جس سے زرعی مصنوعات کے لیے ایک نئی سرحد پار لاجسٹک راہداری کھل گئی ہے اور چین پاکستان زرعی و تجارتی تعاون کو نئی جہت ملی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق آٹھ کنٹینرز (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

## یوم بحریہ پر چیف ایڈمرل نوید اشرف کی شہداء کی یاد گار پر حاضری، سلامی پیش

**تقریب میں پاک بحریہ کے آفیسرز، سی پی اوز، سیلرز اور نیوی سویلینز کے ساتھ ساتھ شہداء کے اہل خانہ شریک ہوئے**

**ایڈمرل نوید اشرف اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے، پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی**

اسلام آباد (آن لائن) پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف نے یوم بحریہ کی مناسبت سے شہداء کی یادگار پر حاضری دی اور سلامی پیش کی۔ نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں یادگار شہداء پر یوم بحریہ کی مناسبت سے پروقار تقریب ہوئی، چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے، پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ تقریب میں (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

## جنگ ستمبر کا آٹھواں دن: پاک فوج نے 21 بھارتی ٹینک ناکارہ، فوجی اڈے تباہ کئے

لاہور (این این آئی) جنگ ستمبر 1965ء کے آٹھویں دن پاک فوج نے 21 بھارتی ٹینک ناکارہ اور فوجی اڈے راکھ کر دیئے تھے۔ ستمبر 1965 کی جنگ کے آٹھویں (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر)

## دانش سکول اتھارٹی کی پہلی اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس، تنظیم نو اور مالی پائیداری کا جائزہ لیا گیا

**دانش سکولوں میں اساتذہ کی بھرتی طلبہ و اساتذہ کے مناسب تناسب کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائے، احسن اقبال**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال کی زیر صدارت دانش اسکول اتھارٹی کی پہلی اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں دانش اسکول اتھارٹی کی تنظیم نو، افرادی قوت میں بہتری، مالی اثرات، انتظامی (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

## پی ٹی آئی احتجاج کیس لارجر بینچ تشکیل، لاٹھی چارج، چیف سیکرٹریز، ایڈووکیٹ جنرلز آئی جیز طلب

**پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کو متوقع احتجاج اور لانگ مارچ کے خلاف دائر درخواست پر اہم پیش رفت**

**چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر نے شہری وقاص احمد کی درخواست پر سماعت کی**

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کو متوقع احتجاج اور لانگ مارچ کے خلاف دائر درخواست پر اہم پیش رفت کرتے ہوئے معاملے کی حساسیت کے پیش نظر لارجر بینچ تشکیل دیدیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

## پاکستان کے پہلے وائلڈ لائف ہسپتال کی تعمیر مکمل، 12 آپریشن تھیٹرز قائم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت جانوروں، پرندوں اور درندوں کے علاج اور تحفظ کیلئے پاکستان کے پہلے وائلڈ لائف ہسپتال (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر)

## خیبر پختونخوا بلدیاتی انتخابات، الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومت کو مزید 3 ہفتے دے دیے

**بلدیاتی انتخابات تو کروانے پڑیں گے، کمیشن کے پاس کئی آئینی راستے ہیں: شاہد درانی**

اسلام آباد (آن لائن) خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں تاخیر پر الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومت کو قانون سازی اور ضروری اقدامات کے لیے مزید تین ہفتوں کی مہلت دے دی۔ کمیشن نے واضح کیا کہ بلدیاتی انتخابات بہرحال کرانا ہوں (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر)

## شرح خواندگی میں اضافہ، خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرے کیلئے ناگزیر ہے، سردار ایاز صادق

**آئین پاکستان کے تحت 5 سے 16 سال تک کی عمر کے بچوں کو مفت تعلیم کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے، سپیکر قومی اسمبلی**

**وزیراعظم محمد شہباز شریف کی تعلیمی ایمرجنسی کے تحت سکول سے باہر بچوں کو تعلیمی نظام میں شامل کرنے کے اقدامات خوش آئند ہیں، پیغام**

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ خواندگی قومی ترقی اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے، شرح خواندگی میں اضافہ خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرے کے لیے ناگزیر ہے۔ خواندگی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر)

## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ فوری واپس لیا جائے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ حکومت نے پیٹرول مہنگا کر کے عوام کے ہوش اڑا دیئے۔ ایک بیان میں سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 72 پیسے اضافہ معاشی ڈھونگ ہے، پیٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے سے اشیائے خورونوش اور ترسیلی اخراجات بڑھیں گے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی وزیراعظم شہباز شریف کو سونیئر پیش کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

# انچارج شجاع کھیلوں کی دنیا

## چھٹے آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کی تاریخ کا اعلان

فٹبال گولڈ کپ کا باقاعدہ آغاز 20 ستمبر سے ہوگا، ٹورنامنٹ کا فائنل 5 اکتوبر کو کھیلا جائے گا

کوئٹہ (خان بکھیال کے شائقین کیلئے خوشخبری، چھٹے آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کی تاریخ کا اعلان کر دیا گیا سیکرٹری کھیل زاہد لوچ نے زیر صدارت اجلاس، وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کا آغاز 20 ستمبر سے ہوگا ٹورنامنٹ کا شیڈول، ٹیاریوں کا جائزہ، ٹیموں، رائٹسٹس، ہائبل اور تمام انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے اہم اجلاس کل 8 ستمبر 2026۔ چھٹے آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کی تاریخ کا باضابطہ اعلان اجلاس میں کر دیا گیا، ٹورنامنٹ کے حوالے سے اہم اجلاس سیکرٹری کھیل، اعمور نوجوان بلوچستان زاہد لوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل کھیل یاسر ہاڑی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایکویٹی محمد حسیب احمد، بلوچستان فٹبال ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں طے پایا کہ چھٹے آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ باقاعدہ آغاز 20 ستمبر سے ہوگا کیونکہ ٹورنامنٹ کا فائنل 5 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ

گوادر میگمتی انٹرایکٹو کیشن منیر احمد وزیر بلوچ ڈیزائن ایکسپو پورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیم کے کپتان کو انعامی چیک پیش کر رہے ہیں

## ایجسٹن کرکٹ گراؤنڈ پر پاکستان کبھی ٹیسٹ نہیں جیتا

موجودہ ٹیم کا کوئی کھلاڑی میدان پر ٹیسٹ میچ نہیں کھیلا

لندن (این این آئی) انگلینڈ اور پاکستان کرکٹ ٹیموں کے درمیان ہفتے کو ہونے والے ٹیسٹ میچ کے لیے ایجسٹن آئی کی سٹیٹ چیمپئن کرکٹ گراؤنڈ پر تیسرے اور آخری ٹیسٹ کا میزبان ہوگا۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ پاکستان کی موجودہ ٹیم میں شامل کوئی بھی کھلاڑی اس میدان پر انگلینڈ کے مقابلے پر ٹیسٹ نہیں کھیلا ہے۔ کپتان پاکستان سلمان علی آغا کے 32 ٹیسٹ کھیلنے کا تجربہ رکھتے ہیں، اور انگلینڈ کا ایک سے زیادہ مرتبہ دورہ کر چکے ہیں، البتہ ان تمام کھلاڑیوں کا ایجسٹن کرکٹ گراؤنڈ پر پہلا ٹیسٹ میچ ہوگا۔ بزنگھم کے ایجسٹن کرکٹ گراؤنڈ پر پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان اب تک 8 ٹیسٹ میچ کھیلے جا چکے ہیں، جہاں مکمل طور پر انگلش ٹیم کو پاکستان کے خلاف برتری حاصل ہے۔ اس گراؤنڈ پر پاکستان نے پہلا ٹیسٹ مئی جون 1962 کو جاوید برکی کی قیادت میں کھیلا تھا، جہاں ٹیڈ ڈکسٹری قیادت میں کھیلنے والی انگلش ٹیم نے پاکستان کو اننگز اور 24 رنز سے شکست دی تھی۔ جون 1971 میں انتخاب عالم کی قیادت میں انگلینڈ اور پاکستان کا ٹیسٹ ڈرا رہا تھا، پاکستان نے پہلی اننگز میں 195 اور دوسری میں 7 وکٹ پر 608 رنز بنائے تھے، اس ٹیسٹ میں ظہیر عباس نے 467 گیندوں پر 274 رنز کی اننگز کھیلی تھی، جو اس میدان پر کسی بھی پاکستانی بیٹسمین کا سب سے بڑا اسکور ہے۔

## کرکٹ آسٹریلیا کا بگ بیش لیگ کی فرنچائز فروخت کرنے کا فیصلہ

کرکٹ وکٹوریہ کی ملکیت میلبرن رینیگیڈز نے 2018-19 میں بی بی ایل ٹائٹل جیتا تھا

سڈنی (این این آئی) کرکٹ آسٹریلیا نے اعلان کیا ہے کہ بگ بیش لیگ (بی بی ایل) میں 2027-28 کے سیزن سے نئی سرمایہ کاری متعارف کرائی جائے گی جس کا آغاز میلبرن رینیگیڈز کی فرنچائز سے ہوگا۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق رینیگیڈز کے لیے نئی سرمایہ کاروں سے بولیاں طلب کی جائیں گی اور کوشش ہوگی کہ ٹیم 2027-28 کے سیزن سے ماکان کے تحت کھیلے۔ اس کے بعد دیگر ٹیموں کی نجکاری کا فیصلہ متعلقہ ریاستی کرکٹ بورڈز کی مرضی اور مقامی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔ کرکٹ وکٹوریہ کی ملکیت میلبرن رینیگیڈز نے 2018-19 میں بی بی ایل (بی بی ایل) میں بگ بیش لیگ کا ٹائٹل جیتا تھا۔ کرکٹ آسٹریلیا نے اس لیگ میں نئی سرمایہ کاری کے منصوبے سے متعلق ٹینڈر جاری کیا ہے جس کا آغاز میلبرن رینیگیڈز کی فرنچائز سے ہوگا۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق رینیگیڈز کے لیے نئی سرمایہ کاروں سے بولیاں طلب کی جائیں گی اور کوشش ہوگی کہ ٹیم 2027-28 کے سیزن سے ماکان کے تحت کھیلے۔ اس کے بعد دیگر ٹیموں کی نجکاری کا فیصلہ متعلقہ ریاستی کرکٹ بورڈز کی مرضی اور مقامی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔ کرکٹ

گوادر میگمتی انٹرایکٹو کیشن اسپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب میں بوائز کاؤٹس رسٹ ڈائریکٹر ایکویٹی منیر احمد وزیر بلوچ ڈیزائن ایکسپو پورٹس فیسٹیول میں مہمان شرکا کو مبارکباد پیش کر رہے ہیں

## گولڈن بوٹ جیتنے والے ایمباپے بیلن ڈی اور جیتنے کیلئے پر امید

بیلن ڈی اور ٹی وڈز میں انگلینڈ کے کپتان ہیری کین کو فائل سب سے مضبوط امیدوار قرار دیا جا رہا ہے

میڈرڈ (این این آئی) ریال میڈرڈ کے اسٹار فارورڈ کائلیان ایمباپے نے کہا ہے کہ رواں سال ان کے لیے پہلی بیلن ڈی اور جیتنے کا بہترین موقع ہوسکتا ہے۔ 27 سالہ فرانسیسی کھلاڑی نے گزشتہ سیزن کلب کے جانب سے 44 میچز میں 42 گول کیے تھے۔ ریال میڈرڈ کوئی ٹرافی اپنے نام نہ کیا سکا۔ ایمباپے نے ورلڈ کپ میں 10 گول کے ساتھ گولڈن بوٹ بھی حاصل کیا جبکہ عالمی کپ میں کے جرمنی کو کوارٹر فائنل میں 2-2 سے تنگ کیا تھی۔ ٹیم فرانس وہاں بھی ٹرافی جیتنے میں ناکام رہی۔ ایمباپے نے کہا کہ 2023 میں تیسری پوزیشن حاصل کرچکے ہیں۔

## وسلڈن ٹینس کے دروازے انفلوئنسر اور کنٹینٹ کری ایٹرز کیلئے بند کر دیئے گئے

آل انگلینڈ کلب کا کھلاڑیوں کی توجہ جیتنے سے روکنے کے لیے خصوصی اقدامات کرنے کا فیصلہ

لندن (این این آئی) ٹینس کورٹ سلم ٹورنامنٹ وسلڈن کے دروازے انفلوئنسر اور کنٹینٹ کری ایٹرز کے لیے بند کر دیئے گئے۔ برطانوی میڈیا کے مطابق آل انگلینڈ کلب نے وسلڈن کے انفلوئنسر اور کنٹینٹ کری ایٹرز پر پابندی کا فیصلہ کیا ہے۔ یو لیس اوپن میں پیش آنے واقعے کے بعد وسلڈن نے چیئرز میں خلل پڑنے کا بہانہ بنا کر یہ اقدامات شروع کر دیئے۔ یو لیس اوپن میں

## نئے صوبے معاشی ترقی کا ذریعہ بن سکتے ہیں، خادم حسین

نئے صوبوں کی بحث کچھ چند راہوں کی بجائے متفقہ پلیٹ فارم پر ہونی چاہیے

لاہور (این این آئی) فاؤنڈر گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈیپلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر ٹائپ صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور ساہیوال ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام کی بحث کچھ سیاسی یا انتظامی معاملہ سمجھنے کی بجائے اس کے معاشی اثرات کا بھی جامع جائزہ لینا ہوگا۔ یہ فیصلہ صرف سیاسی ترقی تک نہیں رہتا بلکہ اس کے لیے بہتر دستگرمانی اور مالی نظم و نسق بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ پاکستان کو اس وقت مالی وسائل کے دباؤ کا سامنا ہے۔

## ویمنز ایشیا کپ پاکستان کا ہلکا بلے بازی کو شکست دے کر سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا 2026

پاکستان کی جانب سے شوال ذوالفقار 47 جبکہ عائشہ ظفر 26 رنز کیساتھ نمایاں رہیں ، رپورٹ

اس کے قبل قومی ٹیم کو بھارت کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا جبکہ ایشیا کپ کے پہلے میچ میں پاکستان کو تھائلینڈ کو شکست دے کر فاتحانہ آغاز کیا تھا

کیا۔ قومی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 143 رنز بنائے اور ہلکا کانگ کو جیت کے لیے 144 رنز کا ہدف دیا۔ پاکستان کی جانب سے شوال ذوالفقار 47 جبکہ عائشہ ظفر 26 رنز کیساتھ نمایاں رہیں جبکہ ہلکا کانگ کی جانب سے جولین کوہ نے 4 جبکہ اراتھر ریٹی جن نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ ہلکا کانگ کی ٹیم ہدف کے تعاقب میں 19 اوورز میں 71 رنز بنا سکی، کیری شن 30 بالیں 13 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں جبکہ پاکستان کی جانب سے صرف ایک شریف سندھو نے 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل قومی ٹیم کو بھارت کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا جبکہ ایشیا کپ کے پہلے میچ میں پاکستان نے تھائلینڈ کو شکست دے کر فاتحانہ آغاز کیا تھا۔

## انگلینڈ میں بھارتی ٹیم کیلئے فلیٹ پچز بنائی جاتی ہیں، معروف کمنٹیٹر کا دعویٰ

جب دوسری ٹیم انگلینڈ جاتی ہے تو ٹیسٹ میچ تین دن میں ختم ہو جاتا ہے، بازید خان

کراچی (این این آئی) سابق بھارت بالنگر پاکستانی کمنٹیٹر بازید خان نے دعویٰ کیا ہے کہ انگلینڈ میں بھارتی ٹیم کے لیے فلیٹ پچز بنائی جاتی ہیں۔ سرکاری ٹی وی کے ایک شو میں بازید خان نے کہا کہ جب بھارت جب انگلینڈ کھیلنے جاتا ہے تو ٹیسٹ میچ تین دن تک چلتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچز ایسی بنائی جاتی ہیں کہ سیمٹ پچ تاکہ پچ دن تک چلے درمیانی طور پر نقصان اٹھاتا رہے گا۔ بازید خان نے کہا کہ جب دوسری ٹیم آتی ہے تو ٹیسٹ میچ تین دن میں ختم ہو جاتا ہے، انہوں نے کہا کہ یہ پچز بنائی ہی اسی لیے جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی ٹیم جب انگلینڈ میں کھیلتی ہے تو وہ کمال کا بیٹر ہوتا ہے، تم سے تو اس میں اگر 15 کی رن کرتا 12 میں ختم ہو جاتے تو میرے لئے ملک کو معاشی نقصان ہوگا۔

## انگلینڈ کے کیوٹ اولیور لائنرز انگلش اوپن سنوکر ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ میں فاتحانہ آغاز

2025 کے حامی چیمپئن جین کے ڈاؤ شونگ کو 4-2 کے فرق سے شکست دے کر بڑا اپ سیٹ کر دیا

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے کیوٹ اولیور لائنرز (انگلش اوپن سنوکر ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ میں فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انگلینڈ کے 31 سالہ کیوٹ اولیور لائنرز نے عالمی نمبر ون اور 2025 کے حامی چیمپئن جین کے ڈاؤ شونگ کو 4-2 کے فرق سے شکست دے کر بڑا اپ سیٹ کر دیا۔ جین کے کیوٹ ڈاؤ شونگ نے مقابلے کے ابتدائی 4 فریمز میں 2 جیتے، بریکس کی مدد سے سکور 2-2 سے برابر کر دیا تھا تاہم اولیور لائنرز نے شاندار واپسی کرتے ہوئے اگلے 2 فریمز میں 77 اور 84 کے بریکس بنا کر کامیابی حاصل کی۔ اس فتح کے بعد اولیور لائنرز کا اگلا مقابلہ آخری 32 کے مرحلے میں جین کے ہی یوان ہی جوت سے ہوگا۔ اولیور لائنرز نے کہا کہ عالمی نمبر ون ڈاؤ شونگ کے خلاف کھیلتے ہوئے اپنی کارکردگی کا معیار بلند کرنا ضروری تھا اور اگر کوئی کھلاڑی اپنی بہترین کارکردگی کے قریب نہ کھیلے تو وہ ٹورنامنٹ سے باہر ہونا پڑتا ہے۔ دوسری جانب آسٹریلیا کے کھلاڑی ہمفرد 4 کیوٹ ٹیل رابرٹسن کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد جین کے لو ہاؤ کا 3-2 کے مقابلے میں 4 فریم سے شکست دے دی۔ سابق عالمی چیمپئن کیرن ولسن نے پولینڈ کے میتیوش بارانوفسکی کو 4-1 سے ہرایا، جبکہ جین کے 3 مرتبہ کے چیمپئن ڈونلڈ جون ہوفی نے مائیکل ہولٹ کے خلاف 4-3 کے سائیاں حاصل کی۔

## انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری میچ (آج) برمنگھم میں شروع ہوگا

انگلینڈ کو پاکستان کے خلاف ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے، رپورٹ

لندن (این این آئی) انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ (آج) بدھ سے 13 ستمبر تک ایجسٹن، برمنگھم میں کھیلا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق انگلینڈ کو پاکستان کے خلاف تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ انگلینڈ نے لیڈز میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میں گرین شرٹس کو ایک اننگز اور 103 رنز سے شکست دی تھی جبکہ لارڈز میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میچ میں 194 رنز سے ہرایا تھا۔ اس سے قبل پریمئیر فٹبال کلب سٹیک ایلون اور پاکستان کی ٹیموں کے درمیان اس سے قبل تین روزہ وارم اپ میچ پاکستان کی ٹیم نے 7 رنوں سے جیت لیا تھا۔ انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان ٹیسٹ میچوں کی فٹسٹل سیریز کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 9 سے 13 اگست تک ایجسٹن، برمنگھم میں کھیلا جائے گا۔ انگلینڈ کی ٹیم کی قیادت جو روٹ کریں گے جبکہ پاکستان کی ٹیم بابر اعظم کے زیر قیادت میدان میں اترے گی۔

## یو لیس اوپن میں اپ سیٹ، ٹریگ چن وین نے ایگا سوینٹیک کو شکست دے دی

پیرس اوپن میں بھی ٹریگ نے سوینٹیک کو گولڈ میڈل میچ میں شکست دی تھی، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) چین کی اولمپک گولڈ میڈلسٹ ٹریگ چن وین نے یو لیس اوپن میں بڑا اپ سیٹ کرتے ہوئے چوتھے گرینڈ سلام ٹورنامنٹ ایگا سوینٹیک کو شکست دے دی۔ لوئیزیانا کے مرطے سے تین ڈرائیک کھیلنے والی ٹریگ نے ہیرو کو سوینٹیک کو 5-7، 6-3 سے مات دے کر کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔ سابق عالمی نمبر چار کھلاڑی کینی کی سرجری کے بعد اس وقت عالمی رینکنگ میں 121 ویں نمبر پر ہیں۔ ٹریگ نے میچ کو پہلے سیٹ میں 0-5 سے پیچھے تھیں تاہم انہوں نے

گوادر میگمتی انٹرایکٹو کیشن اسپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب میں مہمان شرکا کو مبارکباد پیش کر رہے ہیں

## پاکستان کرکٹ کے مسائل کی جڑ عاقب جاوید ہیں، حسین گلیسپی

پی بی سی کے دنے میرے اب بھی ہزاروں ڈالرز واجب الادا ہیں، اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا، آئندہ بھی نہیں کروں گا، انٹرویو

ایک ہمین کو مشورہ ہے ایسے فیصلوں پر اعتراض کرے، کسی کی بات میں مان مانے والا نہ ہوں، امید ہے، بابک صرف کنٹوا ہی اعلان اس معاملے میں نہیں الجھے گا، عاقب جاوید

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ حسین گلیسپی ایک بار پھر پاکستان کرکٹ کے معاملات پر چھت اور کرکٹ کے مسائل کی جڑ عاقب جاوید کو قرار دیا ہے۔ انہوں نے پی بی سی کے دنے میرے اب بھی ہزاروں ڈالرز واجب الادا ہیں، اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا، آئندہ بھی نہیں کروں گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ خاموش رہ کر سب کچھ ماں سکتا تھا مگر یہ میری فطرت نہیں، میں لیس میں نہیں، میں خاموش رہ کر ٹخنوا گھرے کیا جا سکتا تھا، مجھے اندازہ تھا کہ مجھے چھتے ماریں بطرف کیا جا سکتا ہے، عاقب جاوید کی خلاف تنقید کیوں کی گئی؟ کیا کچھ ہوا۔ قومی ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ نے کہا کہ حتمی گفتگو جاری رہی تھی کہ عاقب جاوید کے خلاف کارروائی کیوں ہوئی؟ پاکستان کرکٹ کی موجودہ صورت حال دیکھ کر دل ٹوٹتا ہے۔ حسین گلیسپی نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ایک نقصان دہ چکر میں پھنس چکی ہے، پاکستان کرکٹ کے مسائل کی جڑ عاقب جاوید ہیں، پاکستان کرکٹ میں ذمے داریاں سنبھالنے سے قبل مجھے کئی معاملات کی وجہ سے خبردار کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ چکر پاکستان کرکٹ میں غیر منظم مزاجی سے آگاہ تھا، پاکستان میں کوچنگ میرے کیریئر کی بڑی کامیابیوں میں سے ہوتے والی تھی، پاکستان کرکٹ کی تاریخ شاندار ہے یہاں لوگ کرکٹ کے معاملات کی وجہ سے خبردار کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان ٹیسٹ میچ کو ہرانے کا موقع کھو کر پوگئے تھے، پاکستان میں فاسٹ بولنگ واپس لانا میرے میڈیٹیٹ کا حصہ تھا، ایک ہیڈ کوچ کا کام ہوتا ہے جو ہائس اور فاسٹ بولنگ کو سپورٹ کریں۔ پاکستان ریڈ بال کرکٹ ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ نے کہا کہ عاقب جاوید کی تقریر نے پورا منظر نامہ بدل دیا، عاقب جاوید پاکستان کرکٹ میں ہر چیز کے انچارج بن گئے تھے، سلیکٹرز کے معاملات میں بھی میرا کوئی کردار نہیں رہا، پاکستان میں پورے تجربے

## افغانستان کا دو برکی ٹیموں کیخلاف طویل سیریز کا اعلان

بھارت کے خلاف جون میں کھیلے گئے ٹیسٹ سیریز افغانستان رواں سال مجموعی طور پر چار ٹیسٹ کھیلے گا

کابل (این این آئی) افغانستان کرکٹ ٹیم رواں سال اکتوبر اور نومبر میں بنگلہ دیش اور زمبابوے کے خلاف تین فارمیٹ پر مشتمل مصروف ہوم سیزن کھیلے گی۔ تفصیلات کے مطابق افغانستان کی میزبانی میں تمام میچز متحدہ عرب امارات میں ہوں گے تاہم افغانستان کرکٹ بورڈ نے اپنی سیچز کے دنیوز کا اعلان نہیں کیا۔ سیریز کا آغاز 9 اکتوبر کو بنگلہ دیش کے خلاف واحد ٹیسٹ سے ہوگا، اس کے بعد 17 سے 23 اکتوبر تک افغانستان، بنگلہ دیش اور زمبابوے کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے جائے گی جس کے فائنل میں ٹاپ دو ٹیمیں آمنے

## پنجاب پیکل بال ایسوسی ایشن کو دوسری نیشنل پیکل بال چیمپئن شپ کی میزبانی مل گئی

چیمپئن شپ آسٹریلیا اکتوبر میں لاہور میں کھیلی جائے گی، صمد ایسوسی ایشن اسلام آباد کی نئی کنگھو

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب پیکل بال ایسوسی ایشن کو دوسری نیشنل پیکل بال چیمپئن شپ کی میزبانی مل گئی۔ چیمپئن شپ آسٹریلیا اکتوبر میں لاہور میں کھیلی جائے گی۔ پنجاب پیکل بال ایسوسی ایشن کی صدر اسما ساجن نے بتایا کہ چیمپئن کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں۔ پنجاب پیکل بال ایسوسی ایشن کی ٹیمیں اس ٹورنامنٹ میں حصہ لیں گی جس کا آغاز 9 اکتوبر کو ہوگا۔ یہ چیمپئن شپ پیکل فیڈریشن کے زیر اہتمام ہوگی۔ یہ چیمپئن شپ پیکل بال ایسوسی ایشن کی ٹیمیں اور انفرادی کھلاڑی حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے ٹیکٹر ز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں میچز ڈبلز، ویمنز ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز کے ایونٹ شامل ہیں۔ چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور نقد انعامات تقسیم کی جائیں گی۔

## میز جونیئر ایشیا کپ 2026

پاکستان نے ملائیشیا کو 2-5 سے شکست دے کر سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) میز جونیئر ایشیا کپ 2026 کے پول B کے ایک اہم میچ میں پاکستان جونیئر بائی ٹیم نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملائیشیا کو 2 کے مقابلے میں 5 گول سے شکست دے دی، پاکستان نے اپنی کٹ اپ میں ناقابل شکست رہتے ہوئے تیسری فتح حاصل کی ہے جس کے بعد پاکستان نے گروپ مرحلے میں 3 میچز کھیلے جس میں 3 میچز میں آف دی ڈیج فراہم کیا۔ تفصیلات کے مطابق میچ کا آغاز سنسنی خیز رہا جہاں 9 منٹ میں ملائیشیا کے محمد صالحی نے گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی تاہم پاکستان کی قومی جونیئر ٹیم نے دوسرے ہاف میں زبردست کم بیک کیا اور ملائیشیا کے دفاع کو تہس نہس کر دیا۔ پاکستان کی جانب سے گول کرنے کا سلسلہ 32 ویں منٹ میں ندیم خان کے شاندار گول سے شروع ہوا جس نے میچ کو برابری پر لا کھڑا کیا۔ 36 ویں منٹ میں عبداللہ شیخ نے گول کر کے پاکستان کو 2-1 کی برتری دلائی۔ پاکستان کے ولید راجا نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے 39 ویں اور 40 ویں منٹ میں یک ٹوئیک کر دیا جو فیصلہ کن ثابت ہوا۔ پاکستان کی کرفٹ مضبوط گول وائٹ کر سکی جو پاکستان کی کرفٹ کو مضبوط کر دی۔ 41 ویں منٹ میں علی حمزہ نے پانچواں گول کر کے اسکور 5-1 کر دیا۔ میچ کے

گوادر میگمتی انٹرایکٹو کیشن اسپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب میں ڈائریکٹر ایکویٹی کیشن منیر احمد خود بیڈ ٹائٹل ٹورنامنٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

## کوریا میں موجود پاکستان ہاکی ٹیم نے پہلی فتح اپنے نام کر لی

جونیئر کیٹگری (این این آئی) کوریا میں موجود پاکستان ہاکی ٹیم نے پہلی فتح اپنے نام کر لی۔ پاکستان کے مطابق تین میچوں پر مشتمل سیریز کے پہلے میچ کا فیصلہ پنالٹی شوٹ آف پر ہوا جس میں مقررہ وقت تک دونوں جانب سے پانچ پانچ گول ہوئے جس کے بعد پنالٹی شوٹ آؤٹس پر پاکستانی ٹیم کامیاب رہی۔ سیریز کے بقیہ دو میچز کے دوران پاکستانی ٹیم انٹرنیشن گیمز کی تیاریوں کے لیے الگ سے بریکنگ کیمپ بھی لگائے گی۔ اس دوران ٹیم کو کریئٹی کو مضبوط بھی کرے گی۔

کراچی گورنر سندھ سید جلال ہاشمی کے ہمراہ گورنر جیلیم یونیورسٹی بلیکنڈ ڈیک میں تین سو نے اور کوئٹی کے تمغے جیتنے والے نوجوان کھلاڑیوں سیت تیز انداز کرن گیرو تھر تیلی اسٹار لیے گروپ فوٹو

## کھیل امن، بھائی چارے اور یکجہتی کا پیغام دیتے ہیں، اصغر خان اوتمانخیل

گورلافی (آئن لائن) یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر کے حوالے سے ڈسٹرک جنیئر میں اصغر خان اوتمانخیل کی جانب سے منعقدہ یادگاری کھیلوں فورٹامنٹ کا شاندار اختتام ہوگیا۔ اس موقع پر گورلافی فٹبال اسٹیڈیم اور کاغ گراؤنڈ میں کھیلوں کے مقابلوں، نوجوانوں اور تماشائیوں کی بڑی تعداد موجود تھی، جبکہ فضا قومی جذبے اور حب الوطنی کے نعروں سے گونجتی رہی فورٹامنٹ کے فائنل میچ میں پشرف ایف سی اور ساحرالدین ایف کے درمیان دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلہ ہوا، جس میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین کھیل، مہارت اور اسپورٹس مین اسپرٹ کا شاندار مظاہرہ کیا۔ میچ کے دوران کھلاڑیوں اور شائقین میں حب الوطنی اور کھیل کے جذبے کا جیسن احتراج دیکھنے کو ملا۔ تقریب سے مہمان خصوصی ڈسٹرک جنیئر میں اصغر خان اوتمانخیل بھی خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ مہمان خصوصی نے کھلاڑیوں سے فرداً فرداً مصافحہ کیا، ان کی حوصلہ افزائی کی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ نوجوان نسل کے لیے انتہائی ضروری قرار دیا۔ فائنل مقابلے کے اختتام پر بہترین کارکردگی دکھانے والی ٹیموں اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے گئے فورٹامنٹ کی فاتح کیم کو 30 ہزار روپے انعام، رنر اپ ٹیم کو 20 ہزار روپے نقد بیج سے کے ریفریز کو 10 ہزار روپے نقد انعام دیا گیا تقریب کے دوران ڈسٹرک جنیئر میں اصغر خان اوتمانخیل نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور ان میں قومی پرچم تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کھیل امن، بھائی چارے اور یکجہتی کا پیغام دیتے ہیں اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تقریب کے اختتام پر شرکاء نے پاک فوج کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وطن عزیز کے دفاع، امن اور ترقی کے لیے ہر سطح پر اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

## یو لیس اوپن، میرا اینڈریوا کا اسپورٹس مین اسپرٹ مداحوں کو بھا گیا

ٹیم پوائنٹ کھیلنے پر پنی باندھنے کے بعد میچ جاری رکھا، مزید کوئی پوائنٹ حاصل نہ کر سکیں

مشبوط دوسری بھی تھا مگر ہوگئی ہے۔

لندن (این این آئی) یو ایس اوپن میں روسی ٹینس اسٹار میرا اینڈریوا نے اپنا شاندار کھیل کے ساتھ ساتھ اسپورٹس مین اسپرٹ کا بھی شاندار مظاہرہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق 19 سالہ اینڈریوا نے چوتھے راؤنڈ میں آسٹریلیا کی اناستاسیا پاؤلووا کو 7-5، 4-6 اور 3-6 شکست دے کر پہلی مرتبہ یو ایس اوپن کے اراؤنڈ فائنل میں جگہ بنالی۔ میچ کے آخری سیٹ میں اینڈریوا 3-5 سے آگے تھیں کہ پاؤلووا نے شاٹ کھیلنے کی کوشش میں گرنے میں چوٹ لگنے میں تکلیف کے باعث کورٹ پر بیٹھ گئیں۔ اینڈریوا فوراً نیٹ پار کر کے ان کے پاس پہنچیں، انہیں سہارا دے کر کھڑا کیا اور طبی امداد کے بعد میچ کو جاری رکھا تاہم وہ مزید کوئی پوائنٹ حاصل نہ کر سکیں اور اینڈریوا کے آخری میچ کے اختتامی میچ میں شاٹ پوائنٹ میں کھیلنے کے بعد پنی باندھنے کے بعد میچ

روزنامہ عوام کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
کوئٹہ اور پنجاب کے بیک وقت شائع ہونیوالا پاکستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
A.B.C Certified

# آئی پی پی کو 11 سے 29 کھرب روپے زائد ادائیگی تشویشناک ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

## بجلی صارفین کب تک آئی پی پیز کی کھربوں روپے کی ادائیگیوں کا بوجھ اٹھاتے رہیں گے؟، بجلی چوری، لائن لاسز اور ناقص وصولیوں کا نقصان بھی ایماندار صارفین سے وصول کرنا ناانصافی ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر کے کہا ہے کہ جولائی 2025 سے مئی 2026 تک صرف 11 ماہ میں آئی پی پیز کو 29 کھرب 35 ارب 76 کروڑ روپے کی ادائیگی تواناٸی کے شعبے کے غیر معمولی مالی بوجھ کا عکاس ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس عرصے میں 11 کھرب 68 ارب روپے توانائی چیمبرز اور 15 کھرب 65 ارب روپے پیسٹی سائیڈز کی مد میں ادا کیے گئے۔ سیمور تحال اس امر کی متقاضی ہے کہ تواناٸی کے موجودہ نظام اور آئی پی پیز کے معاہدوں کا فوری اور جامع جائزہ لیا جائے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ان ادائیگیوں کا بوجھ بالآخر عام بجلی صارف کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ صارف ایسی بجلی کی پیداواری صلاحیت کی بھی ادائیگی کرتا ہے جو ہر وقت استعمال نہیں ہوتی، جبکہ سنگین بجلی صنعتی پیداوار، برآمدات اور ملکی معیشت کی مسابقت کو متاثر کر رہی ہے۔ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 6 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے اکبر بگٹی، بلوچ وزیراعظم کے بارے میں عبدالکریم ہاشمی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

## ایران میں اسلامی جمہوریہ کے خاتمے کا مطالبہ کرنے والے مذہبی رہنما گرفتار

تہران (این این آئی) ایرانی عدلیہ نے تصدیق کی ہے کہ نجف گیہ مذہبی رہنما محمد باقر فرازی زیر حراست ہیں۔ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 6 پر)

## ایران جارح قوتوں کو مکمل پچھتاوے پر مجبور کرنے تک مزاحمت جاری رکھے گا، پزشکیان

### ایران ہمیشہ جنگ کی مخالفت کرتا آیا ہے اور تنازع سے گریز کو ضروری سمجھتا ہے، ایرانی صدر

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ جارح قوتوں کو مکمل پچھتاوے پر مجبور کرنے تک مزاحمت جاری رکھیں گے۔ اپنے ایک بیان میں ایرانی صدر نے کہا کہ ایران ہمیشہ جنگ کی مخالفت کرتا آیا ہے اور تنازع سے گریز کو ضروری سمجھتا ہے۔ ایرانی صدر سوم ہاتھ پاک بحریہ کی جرات، بہترین حکمت عملی اور بیشمار دلیرانہ مہارت کی روشن مثال ہے۔ قائم مقام کارکردگی قابل فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن ہمت جبہت بحری قوت کے طور پر ترقی کر رہی ہے، جو ملکی دفاع کے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 6 پر)

# پاکستان امن اور علاقائی و تعاون کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، ناصر سیدال

## یوم بحریہ پاک بحریہ کی شاندار قربانیوں اور کامیابیوں کو یاد کرنے کا موقع ہے، بالخصوص 1965ء کی جنگ میں اس کی مثالی کارکردگی قابل فخر ہے، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ صلاحیتوں اور پاکستان کی بحری سرحدوں کے دفاع کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یوم بحریہ پاک بحریہ کی شاندار قربانیوں اور کامیابیوں کو یاد کرنے کا موقع ہے، بالخصوص 1965ء کی جنگ میں اس کی مثالی کارکردگی قابل فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سوم ہاتھ پاک بحریہ کی جرات، بہترین حکمت عملی اور بیشمار دلیرانہ مہارت کی روشن مثال ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاک بحریہ ایک جدید اور پیشہ ورانہ بحری قوت کے طور پر ترقی کر رہی ہے، جو ملکی دفاع کے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 6 پر)

مولانا محمد رمضان بیشکی جنگ میں ملاسنت دفاع محمانی ناقابل بدت اور اتحاد امت کے حوالے سے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## بھارت، سی سی ٹی وی نگرانی اور پوچھ گچھ سے تنگ بہو نے سسر کو قتل کروا دیا

### ملزمہ سسر کی جانب سے کمرے میں سی سی ٹی وی کے ذریعے نگرانی، اقدامات کے لیے تنگ آ چکے تھے، نارمل موت، پولیس

کانپور (این این آئی) بھارتی شہر کانپور میں قتل کے کیس 63 سالہ دوا ساز تاجر وینیت میتھو کے قتل کا معمہ حل ہو گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق وینیت میتھو کی 36 سالہ بہو شانے میتھو اور سسر رنجیل کو کرانے کے لیے سابق ملازم وشال کو 6 لاکھ روپے کا وعدہ کیا تھا۔ وینیت میتھو جو اگزشت ہفتے کی رات اپنے فلیٹ میں مردہ پائے گئے، مقتول کو چاقو کے 26 وار کر کے قتل کیا گیا، پولیس نے سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے 30 سالہ وشال اور اس کے ساتھی راج کشور کو گرفتار کر لیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق تفتیش کے دوران کرائے کے قاتل وشال نے اعتراف کیا کہ اس نے قتل شالو کے کہنے پر کیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزمہ سسر کی جانب سے کمرے میں سی سی ٹی وی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

## اقوام متحدہ کے نئے نقشے میں ارونا چل پردیش علیحدہ خطہ قرار، بھارت میں کھلبلی

### بھارت نے نقشے کی تصحیح کے عنوان سے پیش کی گئی اس قرارداد کی حمایت کی تھی، غیر ملکی میڈیا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی جانب سے جاری کیے گئے دنیا کے نئے نقشے میں ایک بار پھر تنہ حاصل کی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے دنیا کے موجودہ نقشے میں تبدیلی کے حق میں ووٹ دیا تھا۔ فرانس، برطانیہ اور بھارت سمیت 164 ممالک نے اقرار کے حق کو زیادہ درست انداز میں دکھائے جانے کے حق میں ووٹ دیا ہے جبکہ پاکستان سمیت 7 ممالک نے اس قرارداد کی مخالفت کی۔ اب اس نقشے میں بھارتی جغرافیائی حدود کو مختلف انداز میں دکھائے جانے کی بات سامنے آئی ہے کہ بعد ایک تاریخ مختص دے دیا۔ اس نقشے میں ارونا چل پردیش اور اکسائی چن کو بھارت کے مطابق تفتیش کے دوران کرائے کے قاتل وشال نے اعتراف کیا کہ اس نے قتل شالو کے کہنے پر کیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزمہ سسر کی جانب سے گھر میں سی سی ٹی وی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

## روس اور یوکرین کے پھر ایک دوسرے پر حملے، کیف میں 2 افراد ہلاک

### خیرہ اسود کی بندرگاہ پر تیل کے ٹینکر کو نشانہ بنایا گیا، روسی وزارت دفاع

کیف / ماسکو (این این آئی) روس اور یوکرین نے 3 روز کے وقفے کے بعد ایک بار پھر ایک دوسرے کے خلاف ڈرون حملے کیے ہیں۔ یوکرینی میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے دنیا کے موجودہ نقشے میں تبدیلی کے حق میں ووٹ دیا تھا۔ فرانس، برطانیہ اور بھارت سمیت 164 ممالک نے اقرار کے حق کو زیادہ درست انداز میں دکھائے جانے کے حق میں ووٹ دیا ہے جبکہ پاکستان سمیت 7 ممالک نے اس قرارداد کی مخالفت کی تھی، غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے دنیا کے موجودہ نقشے میں تبدیلی کے حق میں ووٹ دیا تھا۔ فرانس، برطانیہ اور بھارت سمیت 164 ممالک نے اقرار کے حق کو زیادہ درست انداز میں دکھائے جانے کے حق میں ووٹ دیا ہے جبکہ پاکستان سمیت 7 ممالک نے اس قرارداد کی مخالفت کی۔ اب اس نقشے میں بھارتی جغرافیائی حدود کو مختلف انداز میں دکھائے جانے کی بات سامنے آئی ہے کہ بعد ایک تاریخ مختص دے دیا۔ اس نقشے میں ارونا چل پردیش اور اکسائی چن کو بھارت کے مطابق تفتیش کے دوران کرائے کے قاتل وشال نے اعتراف کیا کہ اس نے قتل شالو کے کہنے پر کیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزمہ سسر کی جانب سے گھر میں سی سی ٹی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا نور اللہ ملاقات کر رہے ہیں

## چین کی ایشیا کی تجارت میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 17.6 فیصد اضافہ

بیجنگ (این این آئی) چین کسٹمز کی جنرل ایڈمنسٹریشن کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق رواں سال کے پہلے آٹھ ماہ میں چین کی ایشیا کی درآمدات اور برآمدات کی مجموعی مالیت 34.78 ٹریلین یوآن رہی، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں (بقیہ نمبر 33 صفحہ 6 پر)

## ایران کا امریکا کو نئے میزائلوں سے واضح انتباہ، بحری زون قائم کرنے کا اعلان

### مجوزہ ممنوع بحری زون امریکی بحری ناکہ بندی کی حدود سے شروع ہو کر خلیج فارس تک پھیلا ہوگا، محسن رضائی

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ امریکا کو نئے ایرانی میزائلوں کے ذریعے واضح انتباہ مل گیا ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق تہران قانونی طور پر زیر قیادت بحوں و شیریں کی سابق اسی سیاسی تنظیموں پر عائد پابندیاں ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پابندیاں، ہراساں کرنے اور دھمکانے جیسے اقدامات امن و استحکام کیلئے مجوزہ ممنوع بحری زون قائم کرنے کے دائرے کا کیا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ ممنوع بحری زون امریکی بحری ناکہ بندی کی حدود سے شروع ہو کر خلیج فارس تک پھیلا ہوا ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق محسن رضائی کا کہنا تھا کہ ایران کے خلاف جاری معاشی جنگ کا جواب خلیج فارس میں بحری آمدورفت کے لیے ممنوع زون قائم کرنے کے دائرے کا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ ممنوع بحری زون امریکی بحری ناکہ بندی کی حدود سے شروع ہو کر خلیج فارس تک پھیلا ہوا ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق محسن رضائی کا کہنا تھا کہ ایران کے خلاف جاری معاشی جنگ کا جواب خلیج فارس میں بحری آمدورفت کے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 6 پر)

## مقبوضہ کشمیر میں سیاسی و سماجی تنظیموں پر عائد پابندیاں ختم کی جائیں، میرواعظ عمر فاروق

### ظلم و جبر اور حقیقی سیاسی آوازوں کو دبانے کے ذریعے پائیدار امن قائم نہیں کیا جا سکتا

سرینگر (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میرواعظ عمر فاروق نے بھارت سے غیر قانونی طور پر زیر قیادت بحوں و شیریں کی سابق سیاسی تنظیموں پر عائد پابندیاں ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پابندیاں، ہراساں کرنے اور دھمکانے جیسے اقدامات امن و استحکام کیلئے نقصان دہ ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق میرواعظ عمر فاروق نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ بھارت کو کشمیری عوام کے حقوق کو دبا اور متبوضہ علاقے میں مابعد دیسای تنظیموں پر پابندی کی پالیسی پر نظر ثانی کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ظلم و جبر اور (بقیہ نمبر 31 صفحہ 6 پر)

# ایران پر فتح کے بعد تیل کی قیمتیں تیزی سے گر جائیں گی، ٹرمپ کا دعویٰ

## جنگ میں کامیابی کے بعد پیٹرول کی قیمت 3 ڈالر فی گیلن تک پہنچ جائے گی، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے خلاف امریکی فتح کے بعد تیل کی قیمتوں میں بہت تیزی سے کمی آئے گی۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر اپنے بیان میں کہا کہ جنگ میں کامیابی کے بعد پیٹرول کی قیمت 3 ڈالر فی گیلن تک گر جائے گی اور بعد ازاں 2 ڈالر فی گیلن سے بھی کم ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیمتوں میں یہ کمی تیزی سے آئے گی۔ ٹرمپ نے ایک بار پھر اپنے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ایران کو بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 6 پر)

نصیر آباد، کشمور نصیر آباد و بندر لعل ضلع بھر تمام ضلعی سربراہان کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## چین اور قطر کے درمیان شراکت داری مستحکم انداز میں آگے بڑھ رہی ہے، چینی وزیراعظم

بیجنگ (این این آئی) چین کے وزیر اعظم لی چیانگ نے بیجنگ کے عظیم عوامی ہال میں قطر کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمٰن آل ثانی سے ملاقات کی۔ منگل کے روز لی چیانگ نے بزنجم کو بیرونی وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ چین اور برطانیہ جامع اسٹریٹجک (بقیہ نمبر 26 صفحہ 6 پر)

## سندھ محکمۂ زراعت میں اربوں روپے کی مبینہ کرپشن پر تحقیقات شروع کر دیں

کراچی (این این آئی) سندھ کے محکمۂ زراعت میں برطانوی فنڈز میں مبینہ خورد برد، اختیارات کے ناجائز استعمال، سرکاری اراضی سے متعلق بے ضابطگیوں اور آمدن سے زائد اثاثوں کے الزامات کی تحقیقات کا دائرہ وسیع ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق نیب سکھر نے محکمۂ زراعت کے اعلیٰ افسران اور دیگر متعلقہ شخصیات کے خلاف دو مختلف معاملات میں باقاعدہ تحقیقات شروع کر دی ہیں، جبکہ تحقیقات کے دوران (بقیہ نمبر 24 صفحہ 6 پر)

## پی آئی اے فضائی میزبان کو اسمگلنگ کے الزام پر شوکاز نوٹس، برطرفی کا امکان

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی فضائی میزبان کیرا آفتاب کی جانب سے ٹورنٹو سے کراچی آنے والی پرواز میں مبینہ طور پر موبائل فون اور اسمارٹ واچز اسمگل کرنے کے معاملے میں ایم پیش رفت سامنے آئی ہے، پی آئی اے انتظامیہ نے فضائی میزبان کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔ ذرائع کے مطابق میزبان آفتاب کو کراچی ایئرپورٹ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 6 پر)

## کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 3 ڈاکو گرفتار، ایک فرار

### وارنٹ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد، زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس کے مبینہ مقابلوں کے دوران 2 رفیقوں سمیت 3 ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا، جبکہ ایک ملزم فائرنگ کے تبادلے کے دوران اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ زمان ٹاؤن پولیس کے مطابق گورنگی کے علاقے سولجر بازار، سلطان آباد اور ملیر کالونی میں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 6 پر)

## کینیڈا نے اپنے دھونس جمانے والے ہمسائے امریکا کی خوشامد کا راستہ اختیار کیا ہے، اسماعیل بقائی

### کینیڈا کو امریکا کا حصہ قرار دینا، اسی روز کینیڈا کے وزارت خارجہ اور خزانہ نے ایران کو نشانہ بنانے کی حمایتی دہا کی حمایت پر کینیڈا کو شدید تنقید کا نشانہ بنانے والے ہمسائے امریکا کی خوشامد کا راستہ اختیار کیا ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق اسماعیل بقائی نے کہا کہ جس روز امریکی صدر نے کینیڈا کے اپنے دھونس جمانے والے ہمسائے امریکا کا حصہ قرار دیا، اسی روز کینیڈا کے وزارت خارجہ اور خزانہ نے ایران کو نشانہ بنانے کی حمایتی دہا کی حمایت پر کینیڈا کو شدید تنقید کا نشانہ بنانے والے ہمسائے امریکا کی خوشامد کا راستہ اختیار کیا ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق اسماعیل بقائی نے کہا کہ جس روز امریکی صدر نے حملوں سے قبل (بقیہ نمبر 22 صفحہ 6 پر)

## تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ نے ترجمان اسماعیل بقائی نے ایران کے خلاف امریکی حملوں کے الزامات کو مسترد کر دیا

### ایران کا امریکا کو ایران کے خلاف جارحیت کے الزامات کو مسترد کرنا، ایران کی جانب سے کوئی جارحیت نہیں کی گئی، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ نے ترجمان اسماعیل بقائی نے ایران کے خلاف امریکی حملوں کے الزامات کو مسترد کر دیا۔ ایرانی ترجمان نے کہا کہ امریکا کی جانب سے ایران کے خلاف جارحیت کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کی جانب سے کوئی جارحیت نہیں کی گئی

روزنامہ عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کوئٹہ اور جب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 جب آفس 32266 فیکس 32755
بدھ 09 ستمبر 2026ء

# صوبے کے دور دراز علاقوں کی ترقی

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ صوبے کے دور دراز علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لئے اقدامات جاری رکھے جائیں گے، اس ضمن میں حکومتی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے، بلوچستان میں گذشتہ حکومتوں نے ترقی کا عمل چند بڑے شہروں تک محدود رکھا، آج بھی صوبے میں ایسے علاقے موجود ہیں جہاں پینے کا صاف پانی تک دستیاب نہیں، انسان اور جانور ایک ہی جوہڑ سے پانی پیتے ہیں، تعلیم وصحت اور مواصلات کی سہولتوں کا فقدان ہے، عوام ایک صدی پیچھے کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، موجودہ صوبائی حکومت نے ترقی کے عمل کو صوبے کے تمام اضلاع تک پھیلانے کے لئے اقدامات کئے ہیں، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ہم وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق صوبائی حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے کو قابل تحسین سمجھتے ہوئے توقع رکھتے ہیں کہ ترقیاتی فنڈز کا شفاف استعمال یقینی بنانے کے لئے مانیٹرنگ کا بہتر نظام وضع کیا جائے گا۔

# تجاوزات کا مسئلہ

دکانداروں نے کوئٹہ شہر میں سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قبضہ کر کے کاروباری سرگرمیاں شروع کر رکھی ہیں، تجاوزات کے خاتمہ کے لئے میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ کو بھرپور مربوط مہم چلانی چاہیے تاکہ ٹریفک کو رواں دواں رکھا جاسکے۔

## اپنے عہد کی بااثر خاتون.....شاہین فاطمہ

تحریر۔صدام ساگر

خدمتِ خلق کے معنی مخلوق کے کام آنا ہے، لیکن اسلام میں اس سے مراد اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے لیے بلا کسی اُجرت اور صلے کے خلقِ خدا کے کام آنا اور امانت پر کمربستہ رہنا ہے اگرچہ عام طور پر خدمتِ خلق سے مراد کسی اُجرت اور لالچ کے بغیر بنی نوعِ بشر کی خدمت کرنا ہے۔ شاہین فاطمہ اُن نایاب شخصیات میں سے ہیں جنہوں نے ہمیشہ کٹھن حالات میں اپنے علاقے، اپنے عوام اور اپنے خاندان کے ساتھ خلوص اور دردِ دل کے ساتھ کھڑے ہو کر خدمت کی مثال قائم کی۔ ان کی زندگی کا ہر پہلو خدمتِ خلق اور اخلاص کی خوشبو سے معمور تھا۔ شاہین فاطمہ نے یہ بات عملاً ثابت کر دی کہ خدمت کے لیے کسی عہدے یا منصب کی ضرورت نہیں ہوتی، اگر نیت خالص ہو، دل میں دردِ انسانیت ہو اور جذبہ ایثار زندہ ہو تو ہر شخص اپنے حصے کا چراغ جلا سکتا ہے۔

شاہین فاطمہ ایک راست گو، صاحبِ کردار اور گفتار میں ایسی بے مثال اور اپنے عہد کی بااثر خاتون تھیں۔ جنہوں نے اپنی تمام زندگی اس قناعت پسندی سے گزاری کہ لوگوں کے ساتھ میل جول میں کسی قسم کی بناوٹ سے کام نہیں لیا۔ وہ اپنی بے لوث فطرت اور اعلیٰ اخلاق کی بدولت خاندان اور معاشرے میں احترام اور عزت کی نگاہ سے دیکھی جاتی۔ ان کی سچی ہمدردی اور حوصلہ افزائی لوگوں کو ذہنی سکون دیتی۔ علاقے کی تمام خواتین ان کے پاس آتی اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کرتی اور جہاں تک ممکن ہوتا اُس مسئلے کا حل نکالتی۔ وہ خواتین کی سچی رازدان اور ہمراز تھیں۔ علاقے کی بھی خواتین کا راز ان کے پاس امانت ہوتا۔

شاہین فاطمہ نے ہمیشہ دوسروں کے دُکھ، درد اور مسائل کو اپنے دامن میں سمیٹ کر پریشان چہروں پر تبسم کے پھول کھلائے۔ اللہ نے ان کے دستِ مبارک میں شفا رکھی ہوئی تھی، علاقے کی کسی بھی خاتون یا بچے کے بازو کی ہڈی یا جسم کے کسی بھی حصے میں کوئی درد ہوتا تو وہ اس کا علاج اپنے مخصوص انداز میں کرتی جس سے فوراً بیمار کو شفا مل جاتی۔ ان کے پاس دور دراز کے علاقوں سے بھی لوگ تشریف لاتے۔ وہ مہمان نوازی میں بھی بے مثال تھیں۔ علاقے کی کسی بھی مسجد میں تبلیغی جماعت کے افراد آتے تو علاقے میں گیس کی بندش کی وجہ سے ان کے کھانے پینے کا بھرپور انتظام کرتی۔ ان کے بیٹوں نے اپنی ماں اور باپ کے نام پر "شاہین اقبال" تعلیمی ادارہ قائم کر رکھا ہے جہاں سینکڑوں کی تعداد میں بچے تعلیم کی روشنی سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔ اس حوالے سے فاروق احمد بٹ کا کہنا ہے کہ "ہمارے بڑے بھائی ایک درویش آدمی ہیں وہ جس سوسائٹی میں رہتے ہیں انہیں ان کی صفات کا کیا پتہ ہوا انہوں نے سارا کچھ دوسروں پر نچھاور کر دیا، اگر میرا بھائی اس دولت کو سمیٹ کر رکھتا تو میرے خیال میں علاقے میں کسی اور کے پاس اتنی دولت نہ ہوتی جتنی میرے بھائی کے پاس تھی۔ ان کی درویشی کا عالم یہ ہے کہ انہوں نے کبھی اپنی دہلیز سے کسی کو خالی نہیں جانے دیا، امی کا زیادہ سخاوت کا رنگ اور خدمتِ خلق کا جذبہ ان میں نمایاں ہے۔"

شاہین فاطمہ کے بیٹوں میں خواجہ آفتاب عالم، محبوب عالم، سرفراز احمد اور فاروق احمد بٹ شامل ہیں۔ ان کے نزدیک ماں کا ایک انمول تحفہ ہے جو محبت و شفقت، صبر و برداشت، ایثار و قربانی کا دوسرا نام ہے جو اولاد کے لیے دنیا کی سب سے بڑی نعمت اور ٹھنڈک ہے۔ جس کا گھنیرا سایہ اولاد کو رنج و غم سے محفوظ رکھتا ہے، جو اپنی راحتیں، خوشیاں قربان کر کے اولاد کا دامن خوشی و مسرت سے بھر دیتی ہے۔ نبی کریمؐ کا ارشادِ گرامی ہے کہ "جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔" شاہین اقبال کے بیٹے نیک سیرت اور صداقت پسندی کی تصویر دکھائی دیتے ہیں۔ ہر ماں کی طرح جب وہ اپنی اولاد کے لیے بارگاہِ خداوندی میں دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھاتی تو کرم کے پھول کھلنے لگتے۔ منور رانا کے اس شعر کے مصداق:

ابھی زندہ ہے ماں میری مجھے کچھ بھی نہیں ہوگا
میں گھر سے جب نکلتا ہوں دُعا بھی ساتھ چلتی ہے

ان کی شادی گوجرانوالہ کے تاریخی گاؤں کوٹلی نواب کے زمیندار گھرانے میں ہوئی، ان کے شوہر محمد اقبال کاشمیری ایک سعادت مند اور نہایت شریف اور صاف گو آدمی ہیں۔ ان کے سسر غلام محمد کاشمیری اپنے عہد کے امیر کبیر آدمی تھے، جو کم و بیش آٹھ زبانوں پر دسترس رکھنے والی شخصیت تھے۔ خواجہ آفتاب عالم اپنے خاندان کے قابلِ فخر اور لائقِ تحسین فرد سمجھے جاتے ہیں۔ وہ اپنی ماں کی دُعاؤں کی برکتوں اور باپ کی شفقتوں کا سایہ لیے خود ایک ایسا روپ دھارے ہوئے ہیں جس میں ماں اور باپ دونوں کی محبت شامل ہے جس کا اندازہ اعتبار ساجد کے ان اشعار سے لگایا جاسکتا ہے:

رہا، پابرہنہ وہ خود مگر، نیا بوٹ مجھ کو دلا دیا
مرے باپ کے اسی روپ نے مجھے باپ جیسا بنا دیا
میں تماشہ دیکھنا چاہتا تھا سروں کی اونچی قطار سے
مرے پیر کا ندھے پہ رکھ لئے، مجھے دوسروں سے بڑھا دیا

شاہین فاطمہ اپنے آخری ایام میں بہت علیل تھیں، ان کی نمازِ جنازہ 19 جون بروز جمعۃ المبارک صدارتی ایوارڈ حاصل کرنے والی شخصیت جناب مفتی ڈاکٹر پروفیسر علامہ ثاقب علوی نے پڑھائی۔ اُن کی نمازِ جنازہ ادا ہونے سے تقریباً ایک گھنٹہ قبل آسماں سے ٹھنڈی ہواؤں اور رحمت کی گھٹاؤں کا برسنا دیکھ کر میں حیران رہ گیا کہ باری تعالیٰ سبحان اللہ تیری قدرت کیسے اچانک یہ موسم بدل گیا۔ اتنا پُرسکون موسم جو زندگی میں شائد ہی دیکھنے کو ملا ہو۔ ان کے دنیا سے پردہ کر جانے پر عزیز و اقربا، اور ہر عمر کے افراد، خاص طور پر علاقے کی ماں، بہن اور بیٹی اشک بار تھیں، ان کے جنازے میں ہزاروں کی تعداد میں ہر طبقہ فکر کے لوگوں نے شرکت کی۔ آخر میں فاروق احمد فاروق کے اپنی ماں کی یاد میں لکھے گئے ان اشعار کے سوا اور کیا کہا جاسکتا ہے:

میں دشتِ بلا سے ہوں محفوظ رہتا
مجھے اس طرح سے سنبھالا ہے ماں نے
کھلے مجھ پہ خوشیوں کے ابواب سارے
غموں کو لگایا جو تالا ہے ماں نے

☆☆☆☆

## کوئی ایسا راستہ

تحریر۔مجیب الرحمٰن شامی

سندھ اسمبلی نے اپنے ایک ممتاز رکن شاہ کھوڑو صاحب کی پیش کردہ قرارداد کو کثرتِ رائے سے منظور کرلیا۔ اس میں کہا گیا ہے کہ: یہ ایوان کسی بھی ایسی تجویز، منصوبے، سکیم یا آئینی انتظام کو، خواہ اسے کوئی بھی نام یا عنوان دیا جائے، واضح طور پر مسترد کرتا ہے، جس کا مقصد سندھ کو تقسیم کرنا، اس کی موجودہ علاقائی حدود تبدیل کرنا یا اس کے علاقے سے کوئی نیا صوبہ قائم کرنا ہو۔ ایوان اس منصوبے کو بھی مسترد کرتا ہے جس کے تحت صوبے کے کسی بھی حصے کو وفاقی انتظام یا بندوبست کے تحت رکھا جائے۔ اس قرارداد کی منظوری سے پہلے تندو تیز تقریریں کی گئیں۔ صدر آصف علی زرداری کی ہمشیرہ فریال تالپور کی تقریر میں تو جذبات کا سمندر امڈ آیا تھا: "ہم سب اور سندھ کا بچہ بچہ اس بات پر متفق ہے کہ ہم سندھ کو تقسیم نہیں ہونے دیں گے۔ ہم سندھ کا سودا نہیں کریں گے۔ یہ دھرتی ماں ہماری ہے اور ہم اس کی حفاظت کریں گے۔ اُن کا کہنا تھا: پیپلز پارٹی اس معاملے پر متحد ہے کہ سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ حتیٰ کہ اگر سندھ کے لئے استعفیٰ دینا پڑے، اسمبلی کی اکثریت چھوڑنا پڑے یا جان کی قربانی دینا پڑے تو وہ اس سے بھی دریغ نہیں کریں گی۔ انہوں نے اپنی شناخت کا حوالہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: "میں بلوچ خاندان سے ہوں، لیکن سندھ کا پانی پیا ہے، اسے تقسیم نہیں ہونے دوں گی۔ ذوالفقار علی بھٹو شہید اور بے نظیر بھٹو شہید کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچاؤں گی"۔ اپنے ساتھی ارکان کو مخاطب کرتے ہوئے یہ تک کہہ گذریں: "آپ بے نظیر بھٹو کو کیا جواب دو گے، قیامت کے دن وہ ہمیں گریبان سے پکڑ کر پوچھے گی کہ ہم نے سندھ کے لئے کیا کیا ہے؟ (محترمہ کو شاید یاد نہیں رہا کہ قیامت کے روز اپنے اعمال کا حساب اپنے رب کو دینا ہے، کسی اور کو نہیں)۔

وزیراعلیٰ مراد علی شاہ نے بھی پُرجوش تقریر میں واضح کیا کہ سندھ وہ صوبہ ہے جس نے سب سے پہلے پاکستان کے حق میں قرارداد منظور کی تھی، اپنے آپ کو اس سے جوڑا تھا۔ اس صوبے کو کسی صورت تقسیم نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے یہ دلچسپ نکتہ بھی پیش کیا کہ 1973ء کے اصلی دستور میں کسی صوبے کی تقسیم کا کوئی تصور موجود نہیں تھا۔ جنرل ضیاء الحق کے دور میں اس حوالے سے ترمیم کی گئی۔ شاہ صاحب کی بات اس حد تک تو درست ہے کہ کسی صوبے کی جغرافیائی حدود میں تبدیلی کو جنرل ضیاء الحق کے دور میں متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دوتہائی اکثریت کی منظوری کے ساتھ مشروط کر دیا گیا تھا لیکن اس کا یہ مطلب نہیں لیا جا سکتا کہ اس ترمیم کے ذریعے نئے صوبوں کے قیام کا تصور آئین میں داخل کیا گیا، اس سے پہلے یہ ناقابل تصور تھا۔ شاہ صاحب اگر کسی آئینی ماہر کے ساتھ بیٹھ کر مطالعہ فرمائیں تو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ 1973ء میں منظور کردہ دستوری متن کے مطابق کسی صوبے کی حدود میں ردوبدل کے لئے اس اسمبلی کی اجازت درکار نہیں تھی۔ قومی اسمبلی اور سینیٹ کی دوتہائی اکثریت کو یہ اختیار حاصل تھا کہ وہ آئین میں کوئی بھی تبدیلی کر گذرے۔ 1973ء کے دستور کا بنیادی متن اگر مدنظر رکھا جائے تو پھر یہ کہا جائے گا کہ کسی بھی صوبے کی حدود میں ردوبدل صرف قومی اسمبلی اور سینیٹ کی دوتہائی اکثریت کے ذریعے کیا جا سکتا تھا۔ جنرل ضیاء کے دور (1985ء) میں دفعہ 239 میں ترمیم کر کے نئے صوبوں کا قیام مشکل بنا ڈالا گیا۔

تاریخ کی ایک دلچسپ حقیقت یہ بھی ہے کہ جنرل ضیاء الحق کے دور (1983ء) میں دستور میں ترامیم تجویز کرنے کے لئے مولانا ظفر احمد انصاری مرحوم کے زیر قیادت جو کمشن قائم کیا گیا تھا اور جس میں بڑے جید علماء اور قانون دان شامل تھے، نے سفارش کی تھی کہ تمام ڈویژنوں کو صوبوں کا درجہ دے دیا جائے۔ اس رپورٹ کے مطابق بڑے اور غیر متوازن صوبوں کو چھوٹی انتظامی اکائیوں میں تقسیم کر کے وسائل کی تقسیم کو متوازن اور وفاق کو طاقتور بنایا جانا تھا۔ اس وقت چاروں صوبوں کے کل اکیس ڈویژن تھے، ہر ڈویژن کو صوبے کا درجہ دینے سے اتنے ہی صوبے وجود میں آ جاتے۔ جنوبی پنجاب، ملتان، ڈیرہ غازیخان اور بہاولپور میں تقسیم ہو جاتا۔ جنرل ضیاء الحق اس رپورٹ کے مطابق اقدام کرنا چاہتے تھے لیکن ایم آر ڈی کی تحریک نے مہلت نہ دی اور انہیں عام انتخابات کا اعلان کرنا پڑا۔ بعدازاں انہی کے ہاتھوں دفعہ 239 میں اس طرح ترمیم سرزد ہوئی کہ نئے صوبے بنانا مشکل تر بنا دیا گیا، متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دوتہائی اکثریت کی حمایت کی شرط نے منظر بدل ڈالا: ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ۔

اس بحث سے قطع نظر، سندھ اسمبلی کی قرارداد نے ماحول کو یکسر تبدیل کر دیا ہے۔ اگرچہ یہ اتفاق رائے سے منظور نہیں ہوئی، ایم کیو ایم اور جماعت اسلامی پر مشتمل اپوزیشن نے اس کی حمایت کرنے کے بجائے واک آؤٹ کیا تاہم یہ بات معنی خیز ہے کہ کسی اپوزیشن رکن نے واضح طور پر سندھ کی تقسیم کا مطالبہ نہیں کیا، وہ انتظامی یونٹس کے قیام ہی پر زور دیتے رہے۔ سندھ اسمبلی کی اس قرارداد کے بعد یہ بات ایک سو نہیں ایک ہزار فی صد عیاں ہوگئی ہے کہ پیپلز پارٹی اور اس کے جملہ ہم نوا کسی طور سندھ کی جغرافیائی حدود میں کسی نئے صوبے کے قیام کی اجازت نہیں دیں گے۔ مسلم لیگ (ن) نے ابھی تک کسی واضح موقف کا اعلان نہیں کیا۔ اس کے بعض وزراء دھیمے لہجے میں نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کر رہے ہیں، لیکن اس پر جم کر بات نہیں کر پاتے، قیادت نے اس پر چپ سادھ رکھی ہے یا پیپلز پارٹی کی اوٹ لے لی ہے۔ جہاں تک تحریک انصاف کا تعلق ہے، اس کے منشور میں نئے صوبوں کے قیام کی تجویز موجود تھی لیکن فی الوقت اس کے رہنما اس حوالے سے محتاط الفاظ میں بات کر رہے ہیں۔ شدومد سے مخالفت کی جا رہی ہے نہ حمایت۔ یہ البتہ کہا جا رہا ہے کہ اس بارے میں فیصلہ عمران خان کریں گے۔ گویا، عمران خان کی حمایت حاصل کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ ان کی نذر کرنا پڑے گا۔ باخبر سمجھے جانے والے اینکر پرسن اور تجزیہ کار اصرار کر رہے ہیں کہ مقتدرہ نئے صوبوں کے قیام کا فیصلہ کر چکی ہے، اسے بہرحال پیش قدمی کرنا ہے۔ اس میں کہاں تک صداقت ہے یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا لیکن یہ بات بہرحال واضح ہے کہ اگر مسلم لیگ (ن) نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کی تو اس کی وفاقی حکومت برقرار نہیں رہ سکے گی۔ اگر عمران خان اس سمت قدم بڑھاتے ہیں تو پھر ان کی مشکلات کو آسانیوں میں تبدیل کرنا ہوگا۔

دستور کے مطابق اقدام کرنے کے لئے پہلے دستور میں ترمیم کر کے دفعہ 239 کا ابتدائی متن بحال کرنے کی تجویز بھی پیش کی جا رہی ہے، ایسا ہو گیا تو سینیٹ اور قومی اسمبلی کی دوتہائی اکثریت فیصلہ کن ہو گی، صوبائی اسمبلیوں سے منظوری کی ضرورت پیش رہے گی لیکن یہ پاپڑ بیلنے سے پہلے اس سوال کا جواب دینا ہوگا کہ کیا پاکستانی ریاست اس وقت کسی نئے تنازعے کا سامنا کرنے کے لئے تیار ہے؟ کسی نئے محاذِ جنگ کی متحمل ہو سکتی ہے؟ صوبائی دارالحکومتوں میں اختیارات کا ارتکاز پریشان کن ہے، وسائل اور اختیارات کی نچلی سطح تک تقسیم کے بغیر ریاست مستحکم نہیں ہوگی۔ ہماری جمہوریت کے پاؤں زمین پر نہیں ٹک سکیں گے۔ اس بات سے اختلاف نہیں کیا جاسکتا لیکن اس کا ازالہ کرنے کے لئے ایسا راستہ تلاش کرنا ہوگا جس سے سرکشی اور انانیت کا سانپ تو مر جائے لیکن عصائے کلیمی موجود و مضبوط رہے۔

☆☆☆☆

## 6 ستمبر۔تاریخ کا سبق اور مستقبل کا راستہ

تحریر۔شفقت اللہ مشتاق

مہمات اور پھر فتح مکہ کے دوران سارے معاملات خالی از حکمت نہیں تھے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ایک بیانیہ تخلیق ہو چکا ہے کہ جنگ دماغ سے لڑی جاتی ہے اور دماغ ہی حکمت کی فیکٹری ہے۔ تدبیر ایک دوسری چیز ہے اور تدبیر کا بھی بالواسطہ یا بلاواسطہ حکمت سے ہی تعلق ہے۔ تدبیر سے چیزوں کی ہیئت بدلی جا سکتی ہے۔ تدبیر سے ہی مسائل کو وسائل میں تبدیل کیا جا سکتا ہے اور تدبیر سے ہی شکست کو فتح میں تبدیل کیا جا سکتا ہے ویسے بھی متذکرہ بالا صورتحال میں دشمن سکتے میں چلا جاتا ہے اور آپ کے پاس مزید کھل کھلا کر کھیلنے کا موقع ہوتا ہے۔ موقع ضائع کرنے والے تو پھر پیچھے بلکہ بہت ہی پیچھے رہ جاتے ہیں۔

6 ستمبر 1965ء کا دن ہماری تاریخ کا ایک اہم ترین دن۔ بلکہ ایک اہم موڑ۔ ہمارا امتحان اور دشمن کی بلڑ بازی، ہٹ دھرمی، بدمعاشی اور جارحیت کا مظاہرہ۔ 14 اگست 1947ء کو ہمارا پیارا ملک تخلیق ہوتا ہے اور پھر لارڈ ماؤنٹ بیٹن اور جواہر لال نہرو کی ملی بھگت۔ ہمارے اپنے حصے سے بھی انکار کر دیا جاتا ہے اور ہمارا وجود ہی خطرے میں۔ دشمن تاک میں ہے اور ہم اور ہماری قیادت کا کڑا امتحان۔ جیسے تیسے آگے کا سفر شروع ہوتا ہے اور چیزیں آہستہ آہستہ بہتر ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور یوں ہندوستان کے پیٹ میں مروڑ۔ ایسے معاملات نے تو ہمارے دشمن ملک کی سوچ کو "مروڑ" کر رکھ دیا اور وہ گھٹیا پن کی ساری حدیں عبور کرتے ہوئے ایک رات جب ہم سب سوئے ہوئے تھے چڑھ دوڑا۔ وہ واقعی ہمیں سوئے ہوئے ہی سمجھ رہا تھا۔ حالانکہ ہمارا سونا اور بیدار ہونا برابر ہوتا ہے۔ (تیری محفل کا بھرم رکھتے ہیں سو جاتے ہیں۔۔ ورنہ یہ لوگ تو بیدار نظر آتے ہیں)، کیونکہ جس ملک کے پاس ایک مضبوط اور ہوشمند فوج ہوتی ہے اس ملک کے عوام یقیناً آرام سے سوتے ہیں۔ انڈیا کا اچانک حملہ آور ہونا۔ ہمارے جوانوں کا منہ توڑ جواب دینا۔ بلاشبہ جنگ تو جنگ ہوتی ہے اور یہ سب کے لئے ہوتی ہے۔ نقصان تو ہمارا بھی ہوا ہوگا لیکن مخالف ملک کو بھی ایک خاص پیغام چلا گیا کہ معاملات اتنے سادہ نہیں ہیں جتنے کہ وہ سمجھتا ہے اور اس نے معاملات کو سمجھنے میں جلد بازی سے کام لیا ہے اور جلد بازی میں کئے گئے فیصلوں کا انجام ہمیشہ رسوائی اور ذلت ہی ہوتا ہے۔ پھر جنگ بندی اور اس کے بعد مذاکرات وغیرہ۔ مذاکرات کی ٹیبل پر کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ طاقت کا اظہار جنگوں میں ہوتا ہے اور جنگ ہم نے جیت لی تھی کیونکہ لاہور کے جم خانہ میں آ کر کھانا کھانے والوں کے خواب چکنا چور ہو چکے تھے اور ہندوستانی قیادت شکست کی خفتگی اور ندامت کی وجہ سے ویسے ہی چور چور ہو گئی۔ الحمدللہ پاکستان کی افواج اور عوام سرخرو۔ پاکستان زندہ باد کے نعروں کی گونج پوری دنیا میں سنائی دی گئی اور پھر آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔ دشمنی تو پھر دشمنی ہوتی ہے اور دشمنی میں کچھ بھی کیا جا سکتا ہے۔ ہاں دشمن کی ذہنیت کے بارے میں جاننا بہت ہی ضروری ہوتا ہے اور اس کی حرکات وسکنات پر گہری نظر رکھنا پڑتی ہے۔ 6 ستمبر کا دن یہی بات ہم پر واضح کرتا ہے اب ہم سب پر لازم ہے کہ ہم اپنے آپ کو تیار رکھیں کیونکہ یہ کہا جاتا ہے کہ اگر آپ امن چاہتے ہیں تو جنگ کے لئے تیار رہیں۔ کوئی شک نہیں کہ 1971ء میں ہمارا ملک دولخت ہوا لیکن اکثر شر سے خیر نکلتا ہے 1965ء کا سیکھا ہوا جو سبق تھا ہم نے اس کا اعادہ کیا۔ ہم نے اپنی افواج کو از سر نو منظم کیا اور پھر سونے پر سہاگہ کہ ہم نے ایٹمی پلانٹ کی بنیاد رکھی۔ ازاں بعد افواج کو جدید ہتھیاروں سے لیس کیا اور ایٹمی پروگرام کو پایہ تکمیل تک پہنچا کر 28 مئی 1998ء کو دھماکے کر کے اپنے دشمن ملک کو واضح پیغام دے دیا کہ ہم اینٹ کا جواب پتھر سے دینا جانتے ہیں۔ پیغام بڑا ہی واضح تھا لیکن لاتوں کے بھوت باتوں سے کہاں مانتے ہیں اور پھر 2025ء اور ہندوستان کی ایک اور بیمار ذہن کی کارروائی۔ رات کے اندھیرے میں بہاولپور اور مریدکے میں شہریوں پر اندھا دھند بمباری۔ انسانی جانوں کا کافی نقصان لیکن (شہادت ہے مطلوب مقصود مومن) اور (دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو۔۔۔ عجب چیز ہے لذت آشنائی)۔ لذت آشنائی والے پھر پیچھے نہیں دیکھتے وہ تو اس وقت تک فضاؤں میں محو پرواز ہوتے ہیں جب تک مودی کے منہ سے "توبہ توبہ" کے الفاظ نہیں نکلتے۔ ہمارے شاہین اڑتے ہیں اور ان کے ایئر بیس تباہ کر دیئے جاتے ہیں اور ان کے جہاز اڑنے سے پہلے فریز کر دیئے جاتے ہیں۔ کرامت اور وہ بھی ٹیکنالوجی کی۔ معرکہ حق کی لازوال داستان۔۔ پاکستان پاکستان۔۔ یہ ہے جنگ کے لئے تیار رہنے کا معاملہ۔ یہ ہے افواج کا جاگنا اور عوام کا آرام اور سکھ سے سونا۔ یہ ہے دشمن کو زبردست پیغام دینا اور دشمن کا سکتے میں آ جانا اور دشمن ملک کا کسی کو دنیا بھر میں منہ دکھانے کے قابل نہ رہ جانا۔ وزیراعظم ہندوستان کا لال سرخ منہ۔ "چنڈوں" کا نتیجہ ایسے ہی ہوتا ہے۔ جلد بازی اور ہٹ دھرمی کے یہی نقصانات ہیں اور یہ ایک کیس سٹڈی ہے ان سب ممالک کیلئے جو وسعت پسندی کے جنون کے مرض میں مبتلا ہیں ان کو یہ بات بھی معلوم ہونا چاہئے کہ سارے خواب کبھی بھی پورے نہیں ہوتے ہیں مزید یہ کہ دشمن کو کبھی بھی کمزور نہ سمجھا جائے۔ قارئین کرام ہماری تاریخ کا اتار چڑھاو دوسری قوموں کی طرح ہی ہوگا مان لیا لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ ہم نے زیرو بجٹ سے شروع کیا اور پھر اپنوں اور پرائے لوگوں کی سازشوں کا بھی شکار رہے اس کے باوجود ہماری تاریخ 6 ستمبر 1965ء سے مئی 2025ء تک کے سفر کی ایک وکھری کہانی ہے اور اب ہم نے اس کہانی کو مزید آگے بڑھانا ہے اس کے لئے افواج پاکستان اور پاکستان کی عوام کا شانہ بشانہ کھڑے ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آیئے اس ضرورت کی اہمیت کو سمجھتے ہیں اور اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے حتیٰ المقدور کوشش کرتے ہیں۔

☆☆☆☆

## معیشت اور سلو پوائزنگ

تحریر۔نسیم شاہد

اثبات سے معاملات سلجھائے جاتے ہیں۔ جذبات سے اُلجھاو اور اُلجھاؤ کے نتیجے میں شر اور شر سے افراتفری اور غیر یقینی کی صورتحال پیدا ہوتی ہے۔ صورتحال کو کنٹرول کرنا ایک اور عمل ہے اور یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ہر عمل کا ردعمل ہوتا ہے۔ بلاشبہ ہر چیز کو بے وجہ رد نہیں کیا جاسکتا۔ چنانچہ دانائی اور حکمت ہی انسان کے پاس موثر ہتھیار ہے اور جنگیں ہمیشہ دانائی اور حکمت سے لڑی جاتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ بدر میں سب سے پہلے جن مجاہدین کو لڑائی کے لئے مشرکین مکہ کے سامنے بھیجتے ہیں وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریبی رشتے دار تھے۔ غزوہ احد میں ایک درے پر خصوصی طور پر کچھ جوانوں کو متعین کیا گیا تھا اور بعدازاں ان کے درے کو چھوڑنے کے نتیجے میں مسلمانوں کو نقصان ہوا تھا۔ غزوہ خندق نام سے ہی خندق کے لفظ کا پس منظر اور پیش منظر سمجھ آ جاتا ہے۔ خندق کھودنے کی بھی ایک حکمت تھی۔ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معاہدہ کر کے کافروں کی غیر عقلی شرائط کو تسلیم کر لینا اور چند مسلمانوں میں مایوسی پھیلنا۔ تاہم علم وحکمت نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میراث ہے۔ وقت نے ثابت کیا بعد کی آہستہ بہتر ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور یوں ہندوستان کے پیٹ میں مروڑ۔ ایسے معاملات نے تو ہمارے دشمن ملک کی سوچ کو "مروڑ" کر رکھ دیا اور وہ گھٹیا پن کی ساری حدیں عبور کرتے ہوئے ایک رات جب ہم سب سوئے ہوئے تھے چڑھ دوڑا۔ وہ واقعی ہمیں سوئے ہوئے ہی سمجھ رہا تھا۔ حالانکہ ہمارا سونا اور بیدار ہونا برابر ہوتا ہے۔ (تیری محفل کا بھرم رکھتے ہیں سو جاتے ہیں۔۔ ورنہ یہ لوگ تو بیدار نظر آتے ہیں)، کیونکہ جس ملک کے پاس ایک مضبوط اور ہوشمند فوج ہوتی ہے اس ملک کے عوام یقیناً آرام سے سوتے ہیں۔ انڈیا کا اچانک حملہ آور ہونا۔ ہمارے جوانوں کا منہ توڑ جواب دینا۔ بلاشبہ جنگ تو جنگ ہوتی ہے اور یہ سب کے لئے ہوتی ہے۔ نقصان تو ہمارا بھی ہوا ہوگا لیکن مخالف ملک کو بھی ایک خاص پیغام چلا گیا کہ معاملات اتنے سادہ نہیں ہیں جتنے کہ وہ سمجھتا ہے اور اس نے معاملات کو سمجھنے میں جلد بازی سے کام لیا ہے اور جلد بازی میں کئے گئے فیصلوں کا انجام ہمیشہ رسوائی اور ذلت ہی ہوتا ہے۔ پھر جنگ بندی اور اس کے بعد مذاکرات وغیرہ۔ مذاکرات کی ٹیبل پر کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ طاقت کا اظہار جنگوں میں ہوتا ہے اور جنگ ہم نے جیت لی تھی کیونکہ لاہور کے جم خانہ میں آ کر کھانا کھانے والوں کے خواب چکنا چور ہو چکے تھے اور ہندوستانی قیادت شکست کی خفتگی اور ندامت کی وجہ سے ویسے ہی چور چور ہو گئی۔ الحمدللہ پاکستان کی افواج اور عوام سرخرو۔ پاکستان زندہ باد کے نعروں کی گونج پوری دنیا میں سنائی دی گئی اور پھر آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔ دشمنی تو پھر دشمنی ہوتی ہے اور دشمنی میں کچھ بھی کیا جا سکتا ہے۔ ہاں دشمن کی ذہنیت کے بارے میں جاننا بہت ہی ضروری ہوتا ہے اور اس کی حرکات وسکنات پر گہری نظر رکھنا پڑتی ہے۔ 6 ستمبر کا دن یہی بات ہم پر واضح کرتا ہے اب ہم سب پر لازم ہے کہ ہم اپنے آپ کو تیار رکھیں کیونکہ یہ کہا جاتا ہے کہ اگر آپ امن چاہتے ہیں تو جنگ کے لئے تیار رہیں۔ کوئی شک نہیں کہ 1971ء میں ہمارا ملک دولخت ہوا لیکن اکثر شر سے خیر نکلتا ہے 1965ء کا سیکھا ہوا جو سبق تھا ہم نے اس کا اعادہ کیا۔ ہم نے اپنی افواج کو از سر نو منظم کیا اور پھر سونے پر سہاگہ کہ ہم نے ایٹمی پلانٹ کی بنیاد رکھی۔ ازاں بعد افواج کو جدید ہتھیاروں سے لیس کیا اور ایٹمی پروگرام کو پایہ تکمیل تک پہنچا کر 28 مئی 1998ء کو دھماکے کر کے اپنے دشمن ملک کو واضح پیغام دے دیا کہ ہم اینٹ کا جواب پتھر سے دینا جانتے ہیں۔ پیغام بڑا ہی واضح تھا لیکن لاتوں کے بھوت باتوں سے کہاں مانتے ہیں اور پھر 2025ء اور ہندوستان کی ایک اور بیمار ذہن کی کارروائی۔ رات کے اندھیرے میں بہاولپور اور مریدکے میں شہریوں پر اندھا دھند بمباری۔ انسانی جانوں کا کافی نقصان لیکن (شہادت ہے مطلوب مقصود مومن) اور (دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو۔۔۔ عجب چیز ہے لذت آشنائی)۔ لذت آشنائی والے پھر پیچھے نہیں دیکھتے وہ تو اس وقت تک فضاؤں میں محو پرواز ہوتے ہیں جب تک مودی کے منہ سے "توبہ توبہ" کے الفاظ نہیں نکلتے۔ ہمارے شاہین اڑتے ہیں اور ان کے ایئر بیس تباہ کر دیئے جاتے ہیں اور ان کے جہاز اڑنے سے پہلے فریز کر دیئے جاتے ہیں۔ کرامت اور وہ بھی ٹیکنالوجی کی۔ معرکہ حق کی لازوال داستان۔۔ پاکستان پاکستان۔۔ یہ ہے جنگ کے لئے تیار رہنے کا معاملہ۔ یہ ہے افواج کا جاگنا اور عوام کا آرام ا

☆☆☆☆☆ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی فلڈ ریکوری پروگرام پر پیش رفت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی بنہ اوڈک میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆

## پاکستان ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن کا ایک اہم اجلاس

### ملازمین کے حقوق اور مسافروں کی سہولت کے لیے آواز بلند کرنے کا عزم

کوئٹہ (این این آئی) اجلاس میں ڈویژنل صدر محمد شمیم بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم مہر، پروجیکٹ آرگنائزر سید محمد شمی، جوائنٹ سیکرٹری محمد افضل رانجیہ، چیئرمین جاوید منگل، ڈپٹی چیف آرگنائزر اعتصام حمید، سنٹرل یونین کے صدر رضا قاسم ٹھوکہ، کیریئر یونٹ کے صدر محمد ریاض اعوان، پمپ یونین کے صدر عادن احمد، سینئر نائب صدر عرفان خان، عبدالوحید بلوچ، عبدالرحمٰن، محمد عالم خان، عبدالغفار شاہوانی، شجاعت علی اور سینئر نیرنگ ڈیزل گرک نے شرکت کی۔ اجلاس کی صدارت ڈویژنل صدر محمد شمیم بلوچ نے کی جبکہ نظامت کے فرائض جنرل سیکرٹری محمد سلیم مہر اور چیف آرگنائزر سید محمد شمی نے سرانجام دیے۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل اہم امور زیر غور آئے اور متفقہ قراردادیں منظور کی گئیں سگنل اسٹاف کے اور ٹائم کی بحالی اجلاس میں سگنل اسٹاف سے بند کیے گئے اور ٹائم کی فوری بحالی کا مطالبہ کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ سگنل عملہ دن رات ڈیوٹی سرانجام دے کر ٹرین آپریشن محفوظ بنا تا ہے، اور ٹائم کی بندش سے ملازمین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ یونین نے ریلوے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ سگنل اسٹاف کا اور ٹائم کی الفور بحالی کیا جائے۔ بذریعہ ٹرین کی بحالی اجلاس میں کوئٹہ ڈویژن کی بندسا فرٹرین کی بحالی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یونین نے وفاقی وزیر ریلوے اور ڈی ایس ریلوے کوئٹہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ ۔ لالان میل کوئٹہ سے کراچی تک فوری بحال کی جائے۔ ۔ اکبر ایکسپریس کوئٹہ سے جیکب آباد، نشکین، کھور، راجن پور، ڈیرہ غازی خان، کوٹ ادو، فیصل آباد تا لاہور بحال کی جائے۔ مقررین نے کہا کہ ان ٹرینوں کی بندش سے بلوچستان، سندھ اور پنجاب کے لاکھوں مسافر شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ریلوے کو بھی آمدنی میں نقصان ہو رہا ہے۔ ان ٹرینوں کی بحالی سے نہ صرف عوام کو سستی اور محفوظ سفری سہولت میسر آئے گی بلکہ ریلوے کا ریونیو بڑھے گا۔ اجلاس کے آخر میں عہدیداروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملازمین کے حقوق اور مسافروں کی سہولت کے لیے یونین مرحوم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔

## بلوچستان کی وحدت، شناخت اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، نعیم بلوچ

### بلوچستان کی وحدت، سالمیت اور موجودہ جغرافیائی حیثیت کے تحفظ کا واضح اعادہ کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کے صدر نعیم بلوچ نے بلوچستان کی وحدت، شناخت اور جغرافیائی سالمیت کے حوالے سے اپنے دوٹوک موقف کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاریخ، ثقافت، شناخت، روایات اور ارتقائی وجود کی علامت ہے۔ بلوچستان کو کسی بھی صورت تقسیم کرنے کی کوشش قبول نہیں کی جائے گی اور صوبے کی وحدت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ نعیم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ اپنے حقوق کے لیے جمہوری، آئینی اور سیاسی جدوجہد کی ہے۔ صوبے کے مسائل کا حل تقسیم، انتظام یا انتظامی تجربات میں نہیں بلکہ سیاسی مکالمے، آئین کی بالادستی، انصاف، مساوی مواقع، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام کے اعتماد کی بحالی میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے معزز اراکین کو چاہئے کہ وہ بلوچستان کے عوام کے حقیقی نمائندے بنیں اپنے ووٹ کے ذریعے اسمبلی میں بھیجا ہے، لہٰذا اب ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ کسی دباؤ یا مصلحت سے بالاتر ہو کر بلوچستان کے عوام کی آواز بنیں اور صوبے کی وحدت کے تحفظ کے لیے عملی اور واضح آواز اٹھائیں۔ نعیم بلوچ نے کہا کہ آئین بلوچستان کی تقسیم یا صوبے کی موجودہ وحدت کو متاثر کرنے والی کوئی تجویز زیر غور ہے تو بلوچستان اسمبلی کے ہر رکن کو اپنے عوام کے سامنے اپنا واضح موقف پیش کرنا چاہیے۔ خاموشی، مصلحت یا ابہام موقف اب کافی نہیں ہوں گے۔ بلوچستان کے عوام اپنے منتخب نمائندوں سے واضح جواب چاہتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت اور حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کی وحدت کے حوالے سے اپنا واضح اور دوٹوک موقف سامنے رکھے۔ نعیم بلوچ معروف شخصیت مجکر جوڑ ہی اپنی کتاب ہزار گی آیڈی کے جنہیں اعوطی کودے رہے ہیں

سول سوسائٹی، ریٹائرڈ معروف شخصیت مجکر جوڑ ہی اپنی کتاب ہزار گی آیڈی کے جنہیں اعوطی کودے رہے ہیں

## ڈھاڈر کے قریب 132 کے وی ٹرانسمیشن لائن کی تاریں چوری

### اتنی اہم میں ٹرانسمیشن لائن کی بحالی میں مزید تاخیر کیوں کی جارہی ہے عوامی حلقے

بولان (این این آئی) ڈھاڈر کے قریب 132 کے وی میں ٹرانسمیشن لائن کی تاریں چوری ہونے کے واقعے کو چوروز گزرنے کے باوجود واپڈا کی جانب سے متاثرہ لائن کی مرمت اور بحالی کی عملی کوئی کام شروع نہ کیا جاسکا جس کے باعث ڈھاڈر، شاہ رو اور گوڈوانڑ کے تین شدید گرمی جس اور بجلی کی طویل بندش کے باعث شدید اذیت سے دوچار ہیں یاد رہے کہ 30 اگست کی رات ڈھاڈر کے قریب جرائم پاران کے مقام پر نامعلوم افراد چوروں نے 132KV کی تین ٹرانسمیشن لائن کی قیمتی تاریں کاٹ کر چوری کر لی تھی جس کے نتیجے میں ڈھاڈر گرڈ اسٹیشن کو بجلی کی فراہمی شدید متاثر ہوئی واقعے کے بعد شہریوں کو امید تھی کہ واپڈا حکام ہنگامی بنیادوں پر متاثرہ لائن کی مرمت کو ممکن بنائیں گی عوام کو سہولت دینے کیلئے بجلی بحال کردیں گے تاہم چوروز گزرنے کے باوجود مرمتی کام شروع نہ ہونے سے عوام میں تشویش بڑھتی جارہی ہے

## فیصل آباد ایسوسی ایشن کا شدید برہمی، بحران پر تشویش کا اظہار

### انڈسٹری کو مکمل تباہی سے بچانے کے لیے تمام قسم کے ٹیکسز سے فوری استثنیٰ دیا جائے

حکومت (این این آئی) فیصل آباد بھٹہ مالکان ایسوسی ایشن شیخوپورہ روڈ کے صدر رانا فرمان خان نے کہا ہے کہ اس وقت ملک کی بھٹہ انڈسٹری انتہائی شدید بحران سے دوچار ہے، جس کے باعث کاروبار بالکل ٹھپ ہو چکے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ انڈسٹری کو مکمل تباہی سے بچانے کے لیے تمام قسم کے ٹیکسز سے فوری استثنیٰ دیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھٹہ مالکان کے ایک بنچلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حاجی یونس، میاں شہباز، رضوان حسین رحمانی، چودری سعید، میاں ظہران، سرفراز حسنہ، میاں انور، رانا فرمان، چودری عبدالرحمٰن، رانا عامر خان نصیر، عقاد پنوری، سابرشاہ، جاوید چشمہ، نوشہ خان، ایم ایل رحمانی، میاں نعیم، رانا ندیم خاں، رانا وقار، ملک

## بلوچستان کی جانب اہم قدم

### تربیت وومن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر — خواتین کو ہنرمند بنانے کی جانب اہم قدم

تربیت وومن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر ضلع تیج میں خواتین کو فنی، پیشہ وارانہ اور عملی مہارتیں فراہم کرنے کے حوالے سے ایک اہم ادارہ ہے۔ اس مرکز کا بنیادی مقصد خواتین اور بچیوں کو ایسے ہنر سے آراستہ کرنا ہے جن کے ذریعے وہ نہ صرف اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنا سکیں بلکہ مستقبل میں باعزت روزگار اور معاشی خودمختاری کے مواقع بھی حاصل کر سکیں۔ کاروبار شروع کر سکتی ہے، جبکہ کمپیوٹر اور ڈیجیٹل مہارت رکھنے والی خواتین آن لائن کام کے مواقع بھی تلاش کر سکتی ہیں۔ یوں ووکیشنل تربیت صرف ایک سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ روزگار اور آمدنی کے نئے راستے کھولنے کا وسیلہ بن سکتی ہے۔

تربیت وومن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کے لیے کامیابی اس وقت ترجیح ہوتی ہے جب خواتین کو اپنے گھروں سے کام شروع کرنے، چھوٹے کاروبار چلانے کے قابل بنا سکتی ہے۔

تربیت میں خواتین کے لیے فنی تربیت کی ضرورت اس لیے بھی اہم ہے کہ بہت سی خواتین گھریلو ذمہ داریوں کے باعث دور دراز علاقوں میں ملازمت یا تعلیم حاصل نہیں کر سکتیں۔ اگر انہیں اپنے شہر میں سلائی، کڑھائی، ڈریس میکنگ، بیوٹیشن، کمپیوٹر اور ڈیکوریٹر جیسے کے مواقع میسر ہوں تو وہ اپنی صلاحیتوں کو بہتر انداز میں استعمال کر سکتی ہیں۔ دستیاب معلومات کے مطابق تربیت میں خواتین کے لیے ووکیشنل تربیت کے پروگراموں میں ڈریس میکنگ، ہیئر اینڈ بیوٹی سروسز اور کمپیوٹر آپریٹر جیسے شعبے بھی شامل رہے ہیں۔

اس مرکز کی ایک نمایاں خصوصیت روایتی ہنر کے ساتھ جدید مہارتوں کو فروغ دینا ہے۔ سلائی اور کڑھائی جیسی روایتی مہارتیں مقامی ثقافت اور دستکاری سے جڑی ہوئی ہیں اور خواتین ان کے ذریعے گھر بیٹھے مصنوعات تیار کر کے فروخت کر سکتی ہیں۔ دوسری جانب کمپیوٹر، ڈیجیٹل مہارتیں اور دیگر جدید شعبے خواتین کو بدلتی ہوئی معاشی ضروریات کے مطابق آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔

### تحریر۔ چاکر بلوچ

خواتین کی فنی تربیت کا سب سے بڑا فائدہ معاشی خودمختاری ہے۔ ایک ہنرمند خاتون اپنے گھر میں سلائی سینٹر، بیوٹی پارلر یا چھوٹا کاروبار شروع کر سکتی ہے، جبکہ کمپیوٹر اور ڈیجیٹل مہارت رکھنے والی خواتین آن لائن کام کے مواقع بھی تلاش کر سکتی ہیں۔ یوں ووکیشنل تربیت صرف ایک سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ روزگار اور آمدنی کے نئے راستے کھولنے کا وسیلہ بن سکتی ہے۔

تربیت وومن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کے لیے کامیابی اس وقت ترجیح ہوتی ہے جب خواتین کو اپنے گھروں سے کام شروع کرنے، چھوٹے کاروبار چلانے کے قابل بنا سکتی ہے۔

تربیت میں خواتین کے لیے فنی تربیت کی ضرورت اس لیے بھی اہم ہے کہ بہت سی خواتین گھریلو ذمہ داریوں کے باعث دور دراز علاقوں میں ملازمت یا تعلیم حاصل نہیں کر سکتیں۔ اگر انہیں اپنے شہر میں سلائی، کڑھائی، ڈریس میکنگ، بیوٹیشن، کمپیوٹر اور ڈیکوریٹر جیسے کے مواقع میسر ہوں تو وہ اپنی صلاحیتوں کو بہتر انداز میں استعمال کر سکتی ہیں۔ دستیاب معلومات کے مطابق تربیت میں خواتین کے لیے ووکیشنل تربیت کے پروگراموں میں ڈریس میکنگ، ہیئر اینڈ بیوٹی سروسز اور کمپیوٹر آپریٹر جیسے شعبے بھی شامل رہے ہیں۔

اس مرکز کی ایک نمایاں خصوصیت روایتی ہنر کے ساتھ جدید مہارتوں کو فروغ دینا ہے۔ سلائی اور کڑھائی جیسی روایتی مہارتیں مقامی ثقافت اور دستکاری سے جڑی ہوئی ہیں اور اس طرح کا ادارہ صرف خواتین کو ہنر فراہم نہیں کرتا بلکہ پورے معاشرے کی معاشی ترقی میں کردار ادا کر سکتا ہے۔ جب ایک خاتون ہنر سیکھ کر آمدنی حاصل کرتی ہے تو اس کا فائدہ اس کے خاندان تک پہنچتا ہے۔ اس سے گھریلو آمدنی میں اضافہ، بچوں کی تعلیم، بہتر معیارِ زندگی اور خواتین میں خود اعتمادی پیدا ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ اسی لیے خواتین کی فنی تربیت کو معاشی اور سماجی ترقی کے اہم زاویے میں شمار کیا جاتا ہے۔

تربیت وومن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کے لیے ضروری ہے کہ تربیتی پروگراموں کو مقامی مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ کیا جائے۔ سلائی، کڑھائی اور بیوٹیشن کے ساتھ ساتھ گارمنٹ ڈیزائن، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، فری لانسنگ، ای کامرس، کمپیوٹر آپریٹر اور دیگر جدید پیشوں میں تربیت کے مواقع بڑھائے جائیں۔ اس کے علاوہ تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو مارکیٹ سے جوڑنے، ان کی مصنوعات کی نمائش اور فروخت کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرنے پر بھی خصوصی توجہ دی جانی چاہیے۔

تربیت وومن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر خواتین کے لیے محض ایک تربیتی ادارہ نہیں بلکہ انہیں خود مختار، باصلاحیت اور معاشی طور پر مضبوط بنانے کی ایک اہم کوشش ہے۔ اگر حکومت بلوچستان اور متعلقہ ادارے اس مرکز کو مزید جدید سہولیات، بہتر تربیتی پروگرام، ماہر اساتذہ، مارکیٹ لنکج اور روزگار کے مواقع سے منسلک کریں تو یہ ادارہ ضلع تیج میں خواتین کی معاشی ترقی کے لیے ایک مثالی مرکز بن سکتا ہے۔ تربیت کی خواتین میں موجود صلاحیتوں کو مناسب تربیت اور مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ اپنے خاندان، معاشرے اور پورے ضلع کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکتی ہیں۔

☆☆☆

## اجتماعی کوششوں اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا ہوگا، جمیل احمد بلوچ

### نوجوانوں کو قومی ترقی کے عمل میں مؤثر مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں

کوئٹہ (خ ان) بلوچستان ایجوکیشن ایکسپو کے منتظم نعمت خان نے نوجوانوں کی تعلیم، شعور اور صلاحیت کو ترقی کا مستقل کے لیے اہم قرار دیا جبکہ انہوں نے ان باہت پر بھی زور دیا کہ نوجوانوں کو قومی ترقی کے عمل میں مؤثر مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں۔ اس موقع پر جمیل احمد بلوچ نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں قومی اتحاد اور اجتماعی زندگی کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ نوجوان ہی کسی بھی قوم کے مستقبل کے معمار ہوتے ہیں اور اگر انہیں تعلیم، تربیت اور مواقع میسر آئیں تو وہ اپنے ملک کی ترقی میں مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حقیقی مضبوطی صرف فاضل صلاحیتوں میں نہیں بلکہ یک مضبوط تعلیم یافتہ نوجوان اور مہذب معاشرت میں بھی پنہاں ہے۔ چینی کلاز انٹیلی جنس افسر ڈاکٹر سید قمر نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کے مستقبل کو تعلیم یافتہ نوجوانوں اور معاشرے کے اعتماد پر قائم کیا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر سید قمر نے کہا کہ نوجوانوں اور معاشرے کے مشترکہ اقدامات ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر سید قمر نے کہا کہ ہمارے نوجوان ہی ملک کا اصل سرمایہ ہیں اور اگر انہیں تعلیم، تربیت اور مواقع میسر آئیں تو وہ اپنے ملک کی ترقی میں مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں، جہاں تک تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا، کیونکہ تعلیم انسان میں شعور، اعتماد اور بہتر فیصلہ سازی کی صلاحیت پیدا کرتی ہے۔ تعلیم کے ذریعے نوجوان نہ صرف اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکتے ہیں بلکہ معاشرے میں ملک کی ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کرتے ہوئے اعلیٰ مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں کوئٹہ میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر ماہنور برکت نے طالبات پر زور دیا کہ وہ اس تعلیمی ادارے سے بھرپور استفادہ حاصل کریں، اپنی تعلیم کو پختہ کریں، واضح لائف مقرر کریں اور صحت و مستقل مزاجی کے ساتھ اپنے مستقبل کی تعمیر کریں انہوں نے طالبات کی فعال شرکت پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے اور باصلاحیت خواتین معاشرے کی ترقی اور مثبت کردار کی ادائیگی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور امریکہ کے کامیاب دورہ پر کوارڈ وزیر اعظم پوتھہ افیرز بلوچستان حیدر خان اچکزئی مبارکباد دے رہے ہیں

## دنیا میں کوئی بھی معاشرہ تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا، ڈاکٹر ماہنور

### طلبہ و طالبات محنت و مستقل مزاجی کے ساتھ اپنے مستقبل کی تعمیر کریں

ہلدارڈز (خ ان) اسسٹنٹ کمشنر ہلدارڈز ڈاکٹر ماہنور برکت نے کہا ہے کہ دنیا میں کوئی بھی معاشرہ تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا، کیونکہ تعلیم انسان میں شعور، اعتماد اور بہتر فیصلہ سازی کی صلاحیت پیدا کرتی ہے۔ تعلیم کے ذریعے نوجوان نہ صرف اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکتے ہیں بلکہ معاشرے میں ملک کی ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کرتے ہوئے اعلیٰ مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں کوئٹہ میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر ماہنور برکت نے طالبات پر زور دیا کہ وہ اس تعلیمی ادارے سے بھرپور استفادہ حاصل کریں، اپنی تعلیم کو پختہ کریں، واضح لائف مقرر کریں اور محنت و مستقل مزاجی کے ساتھ اپنے مستقبل کی تعمیر کریں انہوں نے طالبات کی فعال شرکت پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے اور باصلاحیت خواتین معاشرے کی ترقی اور مثبت کردار کی ادائیگی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

## ماحولیاتی کارکردگی عالمی منڈیوں تک رسائی کی اہم شرط

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان کی برآمدی صنعتیں خصوصاً ٹیکسٹائل، اپیرلز گڈز اور لیدر ایکسپورٹ ایسے دور میں داخل ہو رہی ہیں، جہاں ماحولیاتی کارکردگی اب محض کاروباری ساکھ کا معاملہ نہیں رہی بلکہ بڑی عالمی منڈیوں تک رسائی برقرار رکھنے کی اہم شرط بنتی جا رہی ہے۔ پاکستان کی برآمدی سہولت پہلے ہی توانائی کی مہنگی قیمتوں، مالیاتی مشکلات، کمزور انفراسٹرکچر اور حکومتی پالیسیوں کے باعث دباؤ کا شکار ہے، ایسے میں صاف اور کم کاربن پیداواری عمل توانائی کی بچت کے لیے بڑا سہولتی موقع بھی بن سکتے ہیں اور اضافی مالی بوجھ بھی، جس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ اس تکنیکی کے اخراجات کس طرح تقسیم کیے جاتے ہیں۔ پاکستان ہیوی ایوی ایشن ٹیکسٹائل کے مطابق ماہ سال 26-2025 میں ٹیکسٹائل و ملبوسات کی برآمدات 17۔ 93 ارب ڈالر رہیں، تاہم ان میں اضافہ صرف 0۔ 26 فیصد رہا۔ جولائی تا مارچ مالی سال 26-2025 کے دوران یہ شعبہ پاکستان کی کل برآمدات میں 59۔ 7 فیصد کا حصہ رکھتا تھا۔ یورپی یونین پاکستان کی سب سے بڑی برآمدی منڈی ہے، جہاں پاکستان کی مجموعی برآمدات میں ٹیکسٹائل اور ملبوسات کا حصہ تقریباً 70 سے 76 فیصد تک ہے۔ پاکستان یورپی یونین کے اسی ایس پی پلس پروگرام کا سب سے بڑا مستفید ملک بھی ہے، جس کے تحت 2024 میں پاکستان کو تقریباً 732 ملین یورو کی ٹیرف رعایتیں حاصل ہوئیں۔

## مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 14 ستمبر کو ہوگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا رواں مالی سال 2026-27 کا دوسرا اجلاس 14 ستمبر 2026 کو منعقد ہوگا۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس میں ملک کے معاشی صورتحال، مہنگائی کے رجحانات، شرح سود اور دیگر اہم معاشی اشاریوں کا جائزہ لے کر پالیسی ریٹ میں تبدیلی یا برقرار رکھنے کے حوالے سے فیصلہ کیا جائے گا۔ اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ مانیٹری پالیسی کیلنڈر کے مطابق اجلاس کے بعد مانیٹری پالیسی بیان اور تفصیلی معلومات جاری کی جائیں گی۔ کمیٹی کا پہلا اجلاس 27 جولائی 2026 کو منعقد ہوا تھا۔

## فیصل آباد چنار شوگر مل نادیوال کی بارا بند شگی کے باعث

### علاقے کے زمینداروں اور گنے کے کاشتکاروں میں شدید تشویش

ٹوبہ ٹیک سنگھ (این این آئی) فیصل آباد چنار شوگر مل نادیوال کی بارا بند شگی کے باعث علاقے کے زمینداروں اور گنے کے کاشتکاروں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے گنے کی فصل کی کاشت پر بھاری سرمایہ کاری کی ہے، جبکہ تیار فصل کی بروقت کٹائی نہ ہونے کے باعث گنے کی پیداوار اور معیار دونوں متاثر ہو رہے ہیں۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے گنے کی فصل کی بروقت کٹائی کے لیے مل انتظامیہ سے رابطہ کیا تھا، جو زرعی ادویات اور کھاد کی ادائیگی کے بعد ہی کٹائی کی اجازت دینے کی بات کر رہی ہے، جس سے کسانوں کو شدید مالی دباؤ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ کسانوں کے مطابق مل کی بندش کا براہ راست اثر ان کی آمدن پر پڑتا ہے، جبکہ گنے کی فصل بروقت نہ کٹنے کی صورت میں اس کی پیداوار میں کمی کا خدشہ ہے، جس سے پہلے ہی مہنگائی اور زرعی اخراجات سے پریشان کسانوں کی مشکلات مزید بڑھ جائیں گی۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ گنے کی فصل تیار کرنے کے لیے کھاد، بیج، زرعی ادویات اور پانی پر ڈیزل اور مزدوری سمیت مختلف مدات میں بھاری اخراجات کیے جاتے ہیں، اس لیے مناسب قیمت اور بروقت ادائیگی ان کا بنیادی حق ہے۔ علاقے کے مکینوں نے کہا ہے کہ چنار شوگر مل سے صرف کسان ہی نہیں بلکہ ہزاروں افراد کا روزگار بھی وابستہ ہے۔ مل کے بیزن کے دوران ٹرانسپورٹر، مزدوروں، ٹھیکیدار اور لاکھوں مزدوروں کا روزگار بھی داؤ پر لگ گیا ہے۔ کاشتکاروں کا کہنا ہے کہ ٹرانسپورٹ کے متاثر ہونے سے مقامی انڈسٹری کے لیے ریفیڈ شیج کا اعادہ کرنے اور تمام ٹیکسز معاف کرنے کا رس اپنا جائے تو یہ بیزن تقریباً شیجے کا خطرہ ہے کہ نہ صرف کسانوں کا بلکہ ملک کی چار بڑی شوگر ملوں کا کاروبار بند کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں رہے گا۔

## سوراب فیملی پارک کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

### تقریب کے دوران سیکیورٹی کے پیش نظر سخت انتظامات کیے گئے تھے

سوراب (خ ان) سوراب میں عوام کو صحت مند تفریح، بہتر سرگرمیوں اور پرسکون ماحول کی فراہمی کے لیے فیملی انتظامیہ سوراب کی جانب سے تمام سہولیات سے آراستہ فیملی پارک کا باقاعدہ افتتاح ایک پروقار اور شاندار تقریب کے دوران کر دیا گیا، افتتاحی تقریب میں مقامی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ سیاسی و سماجی شخصیات، خواتین، بچوں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، سوراب فیملی پارک کا افتتاح ڈپٹی کمشنر سوراب صاحب زادہ نجیب اللہ، 61 وگ کے کمانڈر کرنل سید فرخطہ رفیق، ایس پی سوراب خورشید بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی، منیجر عباس علی نے فیتہ کاٹ کر کیا، اس موقع پر شرکاء نے پارک کے گیٹ کو اہل سوراب کے لیے ایک خوبصورت اور خوشگوار تفریحی مقام قرار دیا، افتتاحی تقریب سے موقع پر فیملی پارک میں مختلف اقسام کے انٹرائمنٹ لگائے گئے تھے، جہاں بچوں اور خواتین کے لیے مختلف تفریحی و دلچسپ سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا، ڈپٹی کمشنر سوراب صاحب زادہ نجیب اللہ اور کمانڈر 61 وگ کرنل سید فرخطہ رفیق نے مختلف اسٹالز کا دورہ کیا، جہاں سیکیورٹی اور متعلقہ افراد کی جانب سے انہیں ایمبولینس اور فرسٹ ایڈ کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی، پارک کے سیکیورٹی انچارج نے بتایا کہ پارک میں خواتین کے لیے الگ باتھ رومز کی سہولت فراہم کی گئی ہے، جبکہ پارک کے اندر ایک ایمرجنسی ایمبولینس کی موجودگی کو یقینی بنایا گیا ہے، تقریب کے دوران سیکیورٹی کے پیش نظر سخت انتظامات کیے گئے تھے، متعلقہ سیکیورٹی اہلکاروں نے پارک کے داخلی و خارجی راستوں سے تقریب کے مختلف مقامات پر فرائض انجام دیے اور شرکاء کی حفاظت کو یقینی بنایا، افتتاحی تقریب کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے، افتتاحی تقریب کے اختتام پر شرکاء نے سوراب فیملی پارک کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ پارک مستقبل میں اہل سوراب کے لیے ایک بہترین تفریحی مقام ثابت ہوگا۔

## بحری اصلاحات، پاکستان بندرگاہی ضروریات میں خود انحصاری کی جانب گامزن

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے ذریعے خود انحصاری اور جدید سہولیات کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ چیئرمین ڈیجیٹک ایڈمیرین سید مہر سرور حسین ایوی ایشن ڈویژن کے مشکوک منصوبہ بندرگاہی ضروریات میں خود انحصاری کی بنیاد میں ہے۔ ایوی ایشن ڈویژن میں اعلیٰ تعلیم یافتہ نائب کیڈٹ افسران کی تعیناتی موقع پر مہر وجدور کر پانی کی لفٹنگ اور فراہمی کے عمل کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ اس کے ذریعے بندرگاہوں کی دیکھ بھال اور ڈیجیٹک کے شعبے میں پہلی بار مکمل سطح پر خود انحصاری کی جانب پیش رفت جاری ہے۔ سنگلی پوائنٹ مورنگ یعنی ایس پی ایم منصوبہ اپنی تکمیل کی جانب گامزن ہے۔ ڈی جی ڈیجیٹک ایڈمیرین کے مطابق ایس پی ایم منصوبہ اپنی تکمیل کی جانب رواں دواں ہے، ایسے مقامات پر صرف خاندانوں کو ایک محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کرتے ہیں بلکہ نوجوانوں اور بچوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں، افتتاحی تقریب کے دوران سیکیورٹی اہلکاروں نے پارک کے داخلی و خارجی راستوں سے تقریب کے مختلف مقامات پر فرائض انجام دیے اور شرکاء کی حفاظت کو یقینی بنایا، افتتاحی تقریب کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے، افتتاحی تقریب کے اختتام پر شرکاء نے سوراب فیملی پارک کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ پارک مستقبل میں اہل سوراب کے لیے ایک بہترین تفریحی مقام ثابت ہوگا۔

## ملکی قرض، واجبات 100 کھرب روپے کے قریب پہنچنا آئی ایم ایف کا بیان

ایوی ایشن فرخت (یباف) کے بانی میاں شفقت علی، چیئرمین چیف یباف انجینئر سہیل اشاری چیئرمین سید محمود خوندمیر، نائب چیئرمین خواجہ کاشف الٰہی، وائس چیئرمین رفیعہ وقیم حسن و چیئرمین ایوسی ایٹ کالمز فرخ احسان خان نے ایسے مشکوک بیان میں پاکستان کے مجموعی قرض و واجبات 100 کھرب روپے کے قریب پہنچنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت پر زور دیا ہے کہ معیشت پر مسلسل قرض لینے کے رجحان سے نکلنے کیلئے بچاؤ اور پائیدار معاشی اصلاحات کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال 2-2025 کے اختتام پر پاکستان کے مجموعی قرض و واجبات تقریباً 99.6 ٹریلین روپے تک پہنچ گئے ہیں۔

## مطالعاتی سہولیات تک رسائی یقینی بنانے کے لیے تعلیمی سرگرمیاں جاری

### مطالعاتی و تعلیمی وزٹ گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول سرفراز کالونی گھنٹی ڈوگوادر میں منعقد

گوادر (خ ن) سوبالی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم اور یونیسف کے اشتراک سے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ کتب اور مطالعاتی سہولیات تک رسائی یقینی بنانے کے لیے مختلف تعلیمی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں کتاب گاڑی کا مطالعاتی و تعلیمی وزٹ گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول سرفراز کالونی گھنٹی ڈوگوادر میں منعقد ہوا، جہاں طلبہ کے لیے مختلف تعلیمی، مطالعاتی اور تفریحی سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا۔ کتاب گاڑی گوادر کے ایسسٹنٹ کمشنر مراحمہ نے ایجوکیشن سپورٹ پروگرام کے منیجر عادل نوذری کی موجودگی میں سرگرمیوں کا افتتاح کیا۔ پروگرام کا آغاز بچوں کے مطالعے کے شوق کو مزید تقویت دے رہی ہیں۔

☆☆☆☆☆ صحت پوڈ پنجی کمشنر فریدہ ترین ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ کر رہی ہیں ☆☆☆☆☆

## پینے کے صاف پانی کی دستیابی ایک بنیادی ضرورت ہے، بلال جمالی

### شہریوں کو پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے، ہدایت

گنداوہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر گنداوہ محمد رمضان بلال کی خصوصی ہدای

**1** بقیہ

ذہنی چوری، لائن لاز اور فیس وصولیوں کا نقصان بھی ایندھار سرکلیں بہ مشکل ہی کوئی ایسا ہوگا کہ جو اپنا نقصان نہ کرتا ہو۔ جتنی بھی قانونی بحثیں کی جائیں، بجلی کے زخموں میں سرجاری رہے، ٹیکسز، فرنٹ فرنس اور ٹیپنی مشینز کا مسئلہ ہو یا عوام کی قوت خرید اور صنعت و دونوں کو متاثر کر رہا ہے۔ جتنی بھی قانونی بحثیں کی جائیں، بجلی کے معاملے کا شفاف نہ مطالبہ کیا کرتا ہی بیز کے معاہدوں کا شفاف اور موثر جائزہ لیا جائے۔ مہنگی بجلی کی پیداوار کم کی جائے، جائز تجدید کو ذاتی کوفرخ و جائز اور جنگلی کی ترسیل وتقسیم کے نظام میں فوری اصلاحات کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے شعبے کی بنیادی خامیاں ہیں جو کہ بغیر سمتی عقل اور معاشی انتظام کا نتیجہ ثابت ہوا نتیجہ ہوسکتا۔

**2** بقیہ

طور پر خطرے و ٹیچیوں کے بعیں لیا اور کہا کہ میرے خیال میں حساب مضرلی کنارے میں کارروائی کا ادارہ کھتی ہے۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق تقین یا ہونے اس سیدوفن کا ہی ہے۔ ہم نے بیان میں پوٹ مواسلہ اور اسرائیلی فوج کے سربراہ سیت ایلی ترین سیکورٹی مشکم کو آگاہ نہیں کیا تھا، جب شخصیت نے بعد میں اپنی شکیلہ ارے کے سربراہ پوسٹ پر زکوٹیں اس انتظام سے آگاہ کیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق 2023 کے آغاز میں شن بیت اور حماس کے رہنمائی قیدیوں کے جنازے کے لیے گاہ تھم جنبیز براہ راست ذمہ داری تھی جنبے اور ایک معاہدہ تقریباً طے پا گیا تھا لیکن یاہو نے متعلقہ وزارتی کمیٹی کا اجلاس بلا برقرار کیا۔ رپورٹ کے مطابق فتح تھا کہ معاہدہ عام آنے یا حکومتی اتحادیوں کے رحمل سے سیاسی مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں۔ ستمبر 2023 میں نیتن یاہو نے سنوار کے جنازے پر تبصرہ کیا کہ ہم ایک رذیل تھی بڑے زخم کے بعد تھی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ستمبر 2023 کے آغاز میں شن بیت اور حماس کے رہنماؤں کے درمیان ایک بنیادی ڈھانچے کے تبادلے پر اتفاق ہوا تھا لیکن یاہو نے اس اقدام کو مسترد کر دیا۔ دوسری طرف سیاسی دباؤ کے باعث اندرون ملک بے گھر افراد کی تعداد 52 لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔

**3** بقیہ

دوستوں کے ہمراہ صحتی خیمہ اسٹنٹ کے ریل ریکارڈ زکے ذریعے پتا چلا، وہ وہ تک یاہو کو شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ مسعود پرشکیان کا کہنا تھا کہ ایران آج تک جارحیت کے خلاف ذکت کر رہا تھا آج آیا ہے، ایرانی قوم کو اسرائیل کے خلاف متحد کرنا تھا۔ ایران کے خلاف کے ساتھ ساتھ اسرائیل کا کہنا تھا کہ ایران ایٹمی قوم کی حفاظت کا حق رکھتا ہے۔ ایران کا کہنا تھا کہ اسرائیل کو سزا دی جائے۔ جبکہ دوسری طاقت کے سربراہ اسی ہوتا ہے۔

**4** بقیہ

مجھتا ہے۔ مسعود پرشکیان کا کہنا تھا کہ ایران آج تک جارحیت کے خلاف ذکت کر رہا تھا آج آیا ہے، ایرانی قوم کو اسرائیل کے خلاف متحد کرنا تھا۔ ایرانی صدر نے اسرائیل کی ایک ایٹمی طاقت کی حیثیت کا اعتراف کیا۔ ایران کا کہنا تھا کہ ایران اپنی قوم کے حقوق کا محافظ بنا رہے گا۔

**5** بقیہ

ایرانی میڈیا پر پولس کے مطابق ایرانی عدلیہ کے ترجمان علی کاظمی نے بتایا کہ جلد فرخزادی و عدالتی کیس کے تحت حراست میں ہلاک ہونے والوں کا مقدمہ خصوصی عدالتِ رعوحانیت میں ابتدائی تفتیش کے مرحلے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے خلاف تحاملی تفتیش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے خلاف فیصلہ سنایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ماہ ذہنی ریمنا اسلامی حکومت کو تنقید کر کے اس کی جگہ مزید تنقید کیر اسلامی حکومت قائم کرنے کا مطالبہ کر چکے ہیں۔

**6** بقیہ

ساتھ ساتھ بحری راستوں کے تحفظ، علاقائی امن کے فروغ اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی کوششوں میں بھی اہم کردار ادا کرتا رہے گا۔ دوسری طرف مسعود پرشکیان نے مغربی قرضے کے زخموں میں سرجاری رہے، ٹیکسز، فرنٹ فرنس اور ٹیپنی مشینز کا مسئلہ ہو یا عوام کی قوت خرید اور صنعت و دونوں کو متاثر کر رہا ہے۔ جتنی بھی قانونی بحثیں کی جائیں، بجلی کے زخموں کے مسائل اور بحری مفادات کا مطالبہ کیا کرتا ہی بیز کے معاہدوں کا شفاف اور موثر جائزہ لیا جائے۔ مہنگی بجلی کی پیداوار کم کی جائے، جائز تجدید کو ذاتی کوفرخ و جائز اور جنگلی کی ترسیل وتقسیم کے نظام میں فوری اصلاحات کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے شعبے کی بنیادی خامیاں ہیں جو کہ بغیر سمتی عقل اور معاشی انتظام کا نتیجہ ثابت ہوا نتیجہ ہوسکتا۔

**7** بقیہ

سعودی تنازعہ کی فوس کا ایک تھا کہ سعودی عرب کے شہروں میں شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنایا، جو قابل حملوں کا تحت جواب دے گا۔

**8** بقیہ

شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے، جو قابل حملوں کا تحت جواب دے گا۔

**9** بقیہ

کہ سعودی عرب اور روس کے درمیان مزید شراکت داری اور تعاون کے خواہاں ہیں۔ فیصل بن فرحان کا کہنا تھا کہ سعودی عرب اور روس کا تعاون عالمی توانائی منڈیوں کے استحکام اور معاونت کے لیے اہمیتی اہم ہے۔

**10** بقیہ

3 ستمبر سے دوبارہ شروع ہوئی اور اب تک اس میں 500 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق 28 ہزار مہارت یافتہ کارکن اور 14 لاکھ کے قریب ہنر مند بیرون ملک سے جاری خانہ جنگی کے باعث اندرون ملک بے گھر افراد کی تعداد 52 لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔

**11** بقیہ

کا اعتماد کیا، اس کمیشن میں کی گئی اہم پیش رفت کو سراہا اور دوبارہ کے نیشر ایجنٹ پلیٹ فارم پر نیشر ایجنٹ کو بڑھاوا دینے کا اعلان کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تاجکستان کی ایک کمپنی کو ٹیلی کمیونیکیشن سسٹم کے قیام کو فروغ دینے کے لیے ایک توانا آواز دلانے کا کہا گیا۔ یہاں میں گلوبل کوریس ایجنٹ اور فرغانہ کی کارروائی کی مشہور بندی سے ایک توانا آواز دلانے کا کہا گیا تھا۔ یہاں میں گلوبل کوریس ایجنٹ کی ایک بڑی شہادت کو بڑھاوا دینے کا کہا گیا تھا۔ یہاں میں ایک اور مقصد فرغانہ کی کارروائی کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔ یہاں میں ایک اور مقصد فرغانہ کی کارروائی کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔ یہاں میں گلوبل کوریس ایجنٹ کی ایک بڑی شہادت کو بڑھاوا دینے کا کہ

**1**

بقیہ: پاکیزگی، عہد اللہ الوتر کیا کہ ان اوائیوں کا جو یا تاکہ ہر شخص کا تعین کیا جائے اور ہر شخص کا تعین کیا جائے۔ صارف کی بجلی کی پیداواری صلاحیت کی بھی ادائیگی کرتے ہیں۔ بجلی کے نرخوں میں سرچارجز، ٹیکسز، کیپیسٹی پیمنٹس، ٹرانسمیشن لائنز، بجلی کی پیداوار، ترسیل اور صنعت وغیرہ کو سبسڈی کرتا رہا ہے۔ چیئرمین نیپرا عبدالقدیر پٹیل نے مطالبہ کیا کہ آئی پی پیز کے معاہدوں کا شفاف اور مؤثر جائزہ لیا جائے، بجلی کی پیداوار کی لاگت کو کم کیا جائے، بجلی تیسرے تو انائی وفروخ کی ہے اور بجلی کی ترسیل، تقسیم کے نظام میں فرسودہ اصلاحات کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترکی کے شعبے کی بجلی کی پیداوار کی ترسیل اور تقسیم کے نظام کو بروقت اور مؤثر حقائق اقدامات کے ذریعے روکنا ہے۔

**3**

ضروریات سے آگاہی کی مکانی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں ٹائیفائیڈ ٹیکہ لگوانا ہمارے قانون کا حصہ ہے اور ہم نے ٹائیفائیڈ ایلیمنیشن مہم کا آغاز کیا ہے۔ ڈاکٹر نوشین حامد نے کہا کہ ٹائیفائیڈ کے شعبے کی بجلی کا خیال رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترکی کے شعبے کی بجلی کی پیداوار کی ترسیل اور تقسیم کے نظام کو بروقت اور مؤثر حقائق اقدامات کے ذریعے روکنا ہے۔

**4**

تھیلیسیمیا کے مریض ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ چند روز قبل بجلی ذاتی تھیلیسیمیا کے مریض ہیں اس لیان پر انہوں اور مدمت کا اظہار کرچکے ہیں۔ ان ہم آپ اپنے بلوچستان کی بلوچستان کے سینیٹر اب صدر اور صدر مقدمت آصف زرداری کے ترجمان بیرسٹر بلوچستان کی حیثیت سے یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اپنا آپ اس بیان کی تردید کرتے ہوئے اور اسے اپنا اپنا سچ کہتے ہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک جمہوری، وفاقی اور آئین پسند جماعت ہے جو ہمیشہ پارلیمان، آئین، جمہوری اقدار اور ریاستی اداروں کے احترام کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔

**5**

معیشت کی ترقی کے لیے آئی پی کے نظام کی بہتری اپنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی سائٹ کے ذریعے ہم ہر شخص کو مؤثر استعمال، بہتری انتظام کی بہتری اور آئی پی سائٹ کے وقت کام کے لیے تمام تر سہولیات مہیا کی جائیں گی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ تقریب سے گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، وزیر مملکت برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن ڈاکٹر نوشین حامد، چیئرمین پاکستان ایسوسی ایشن آف ٹیلی کمیونیکیشن کمپنیز عمر سلیم، ڈی جی پی ٹی اے ڈاکٹر عارف علی خان

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کی پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

# اور زراعت و معیشت کی ترقی کیلئے آبپاشی کے نظام کی بہتری انتہائی اہمیت کی حامل ہے، صادق عمرانی

محکمہ آبپاشی کے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور رکن صوبائی اسمبلی میر ظفر اللہ زہری نے سیکرٹری آبپاشی حکومت بلوچستان سہیل الرحمٰن کے دفتر کا دورہ کیا

**صوبے کے مختلف علاقوں میں پانی کی ضروریات اور زراعت سے وابستہ مسائل کے حل کے لیے موثر منصوبہ بندی اور ادارہ جاتی رابطہ ضروری ہے**

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کے محکمہ آبپاشی کے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور رکن صوبائی اسمبلی میر ظفر اللہ زہری نے سیکرٹری آبپاشی حکومت بلوچستان سہیل الرحمٰن کے دفتر کا دورہ کیا اور ان سے ملاقات کی ملاقات کے دوران چیف انجینئر کوئٹہ زون بشیر ترین اور سیکشن آفیسر محکمہ آبپاشی انجم بشیر بھی موجود تھے ملاقات میں محکمہ آبپاشی سے متعلق مختلف اہم امور، جاری ترقیاتی منصوبوں، پانی کے موثر انتظام وانصرام اور صوبے میں آبپاشی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکا نے باہمی دلچسپی کے امور پر بھی گفتگو کی اور محکمہ آبپاشی کی مجموعی کارکردگی کو مزید موثر بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا اس موقع پر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ بلوچستان میں زراعت اور (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

## اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کی کارروائی سے حذف شدہ ریمارکس کی اشاعت، نشر واشاعت اور تشہیر سے گریز

کوئٹہ (آن لائن) تمام اخبارات، ٹی وی چینلز، الیکٹرانک میڈیا، ڈیجیٹل میڈیا پلیٹ فارمز اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

## جعفر خان مندوخیل سے پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زریں مگسی کی ملاقات

**بلوچستان میں ثقافت سمیت صوبے کے مثبت امیج کو اجاگر کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ زریں مگسی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ثقافت، سیاحت، مادری زبانوں، ادب وفن کے فروغ سمیت صوبے کے مثبت امیج کو اجاگر کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان اپنے قدیم تہذیبی ورثے، تاریخی مقامات، طویل ساحلی پٹی اور نایاب پرندوں و جانوروں کے باعث دنیا بھر کے سیاحوں کیلئے ایک پرکشش مقام رکھتا ہے۔ صوبے میں سیاحت اور ثقافت کو منظم (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

## تمام بندٹرینوں کو فوری طور پر بحال کیا جائے، شیر محمد بلوچ

**بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے پاکستان ریلوے میں نئی بھرتیوں کا آغاز کیا جائے**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی، جوائنٹ سیکرٹری محمد نصیر راجپوت، چیئرمین جاوید مینگل، وائس چیئرمین حسن خان، ڈپٹی چیف آرگنائزر احتشام حمید، سینئر نائب صدر عرفان جان، انفارمیشن سیکرٹری محمد یاسر بلوچ، سٹل یونٹ کے صدر رضا محمد کھوسہ، میڈیا کوآرڈینیٹر محمد حمزہ اور دیگر ساتھیوں نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی، گورنر بلوچستان شیخ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

## جرمن اعزازی قونصل جنرل کا بی ٹیوٹا کے دورہ

**نوجوانوں کی فنی تربیت اور تعاون پر تبادلہ خیال**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں وفاقی جمہوریہ جرمنی کے اعزازی قونصل جنرل میر مراد بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے ان کی صلاحیتوں میں اضافے اور فنی مہارت کی تربیت دیکر انہیں جرمنی سمیت دیگر ممالک میں روزگار کے مواقع پیدا کئے جاسکتے ہیں تاکہ نوجوانوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے دفتر کے دورہ کے موقع پر منیجنگ ڈائریکٹر عبدالکبیر زرکون سے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد وزیراعظم محمد شہباز شریف کو اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری پولیس کے گرین موبلٹی انیشیٹو بارے بریفنگ دی جارہی ہے

## محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی انٹیلی جنس رابطہ کمیٹی کا اجلاس

**امن و امان کی صورتحال، سیکیورٹی انتظامات اور باہمی رابطہ کاری کا تفصیلی جائزہ لیا گیا**

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی انٹیلی جنس رابطہ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد سمیت مختلف قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس میں ضلع لورالائی کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، سیکیورٹی انتظامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان باہمی رابطہ کاری کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے موجودہ صورتحال کے تناظر میں امن وامان کو مزید موثر بنانے اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بروقت نمٹنے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

# پاکستان کا مستقبل معاشی ترقی نہیں تعلیم یافتہ، ہنرمند اور باشعور نسل کی تشکیل سے وابستہ ہے، شیخ بلال

پاکستان میں شرح خواندگی 63 فیصد جبکہ بلوچستان میں صرف 49 فیصد ہے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بالخصوص بلوچستان میں تعلیمی محرومی کے خاتمے کے لیے معمول کے اقدامات کافی نہیں

**بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں تعلیمی اداروں کی کمی، اساتذہ کی عدم دستیابی، بنیادی سہولیات کا فقدان اور خصوصاً بچیوں کی تعلیم میں رکاوٹیں شرح خواندگی بہتر بنانے کی راہ میں بڑی مشکلات ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، اوورسیز پاکستانی و کامرس کمیٹی کے رکن سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا ہے کہ پاکستان کا مستقبل صرف معاشی ترقی نہیں بلکہ تعلیم یافتہ، ہنرمند اور باشعور نسل کی تشکیل سے وابستہ ہے، موجودہ اعداد و شمار اس امر کے متقاضی ہیں کہ خواندگی کے فروغ کو قومی ترجیح بناتے ہوئے عملی اقدامات کیے جائیں۔ پاکستان میں شرح خواندگی 63 فیصد جبکہ بلوچستان میں صرف 49 فیصد ہے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بالخصوص بلوچستان میں تعلیمی محرومی کے خاتمے کے لیے معمول کے اقدامات کافی نہیں بلکہ جامع، مؤثر اور نتیجہ خیز تعلیمی پالیسی ناگزیر ہے انہوں نے عالمی یوم خواندگی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ خواندگی صرف پڑھنے لکھنے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ فوٹو گرافر ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر موسیٰ فرمان کی میت کو آخری آرام گاہ لے جایا جارہا ہے

## ہزار گنجی اور سریاب میں امن وامان کی مخدوش صورتحال پر گہری تشویش ہے: جمعیت

**بدامنی کے باعث ایشیاء کی بڑی منڈی میں کاروباری سرگرمیاں آخری سانسیں لے رہی ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ہزار گنجی زون کے رہنماؤں نے ہزار گنجی اور سریاب میں امن وامان کی مخدوش صورتحال، بڑھتی ہوئی چوری، ڈکیتی، لوٹ مار اور حکومتی رٹ کی کمزوری پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایشیا کی بڑی تجارتی منڈی ہزار گنجی میں بدامنی کے باعث کاروباری سرگرمیاں آخری سانسیں لے رہی ہیں۔ جمعیت علماء اسلام ہزار گنجی زون کے یونٹوں کا مشترکہ اجلاس عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد کے امیر مفتی سمیع الحق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد کے مولانا محمد اشرف، مفتی محمود یونٹ (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

## ژوب تا قمرالدین کاریز روڈ کی تعمیر کا کام تیز کیا جائے، رحیم کاکڑ

**ژوب تا قمرالدین کاریز روڈ کی تکمیل اس پورے تجارتی منصوبے کی بنیادی ضرورت ہے، مرکزی انجمن تاجران**

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، عمران ترین، محمد جان درویش، سعداللہ اچکزئی، مرکزی انجمن تاجران ژوب کے صدر باران کلیوال جنرل سیکرٹری حاجی محمد دین خروٹی سنیئر نائب صدر حبیب الرحمٰن کاکڑ اور کابینہ کے دیگر اراکین نے وفاقی وصوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ ژوب تا قمرالدین کاریز روڈ کی تعمیر کا کام ہنگامی بنیادوں پر تیز کر کے جلد از جلد مکمل کیا جائے اور قمرالدین کاریز کو ایک مؤثر، محفوظ اور فعال تجارتی گیٹ وے کے طور پر ترقی دی جائے۔ انجمن کے رہنماؤں نے اپنے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی عالمی یوم خواندگی کے موقع پر طالب علم کو شیلڈ دے رہے ہیں اس موقع پر راحیلہ حمید درانی بھی موجود ہیں

## آئی پی پیز کو 11 ماہ میں 29 کھرب روپے سے زائد ادائیگی تشویشناک ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

**بجلی صارفین کب تک آئی پی پیز کی کھربوں روپے کی ادائیگیوں کا بوجھ اٹھاتے رہیں گے؟**

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ جولائی 2025 سے مئی 2026 تک صرف 11 ماہ میں آئی پی پیز کو 29 کھرب 35 ارب 76 کروڑ روپے کی ادائیگی توانائی کے شعبے کے غیر معمولی مالی بوجھ کی عکاس ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس عرصے میں 11 کھرب 68 ارب روپے انرجی پیمنٹس اور 15 کھرب 65 ارب روپے کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کیے گئے۔ یہ صورتحال اس امر کی متقاضی ہے کہ توانائی کے موجودہ نظام اور آئی پی پیز کے معاہدوں کا فوری اور جامع جائزہ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

## قائمہ کمیٹی برائے محکمہ داخلہ کا اجلاس

**بلوچستان کوڈ آف کریمنل پروسیجر ترمیمی بل 2026ء کا جائزہ لیا گیا**

کوئٹہ (آن لائن) قائمہ کمیٹی برائے محکمہ داخلہ کا اجلاس، بلوچستان کوڈ آف کریمنل پروسیجر ترمیمی بل 2026ء کا جائزہ لیا گیا ہے بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس کمیٹی روم، بلوچستان صوبائی اسمبلی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت کمیٹی ممبران کی اتفاق کے بعد خیر جان بلوچ نے کی۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین اصغر علی ترین اور علی مدد جتک نے شرکت کی، جبکہ اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری نے خصوصی دعوت پر اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ حمزہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

## گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی ملاقات

**صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات خصوصاً ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ انفارمیشن سسٹم پر تفصیلی تبادلہ خیال**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ملاقات کی، جس میں صوبے میں صحت عامہ کی مجموعی صورتحال، صحت کے مراکز کی کارکردگی، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری اور صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات خصوصاً ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ انفارمیشن سسٹم پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کسی بھی وزارت میں نئی اصلاحات متعارف کرانا متعلقہ وزیر اور ان کی پوری ٹیم کی بصیرت، موجودہ حالات کا ادراک اور مستقبل قریب کی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی اور دیگر ایم پی اے غلام دستگیر بادینی کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپیکشن ٹیموں کی مختلف اضلاع میں کارروائیاں جاری

**تازہ کارروائیوں کے دوران 18 فوڈ یونٹس پر جرمانے عائد، 20 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری**

کوئٹہ (آن لائن) عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپیکشن ٹیموں کی مختلف اضلاع میں کارروائیاں جاری ہیں۔ تازہ کارروائیوں کے دوران 18 فوڈ یونٹس پر جرمانے عائد، 20 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری جبکہ ایک واٹر پیوریفیکیشن پلانٹ سیل کر دیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کارروائیوں کے دوران بیکریز، ریسٹورنٹس، جنرل اسٹورز، اسنیکس مینوفیکچرنگ یونٹس، ملک شاپس اور دیگر فوڈ بزنسز کا معائنہ کیا گیا، جہاں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات، فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی، غیر رجسٹرڈ کاروبار، (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

## کوئٹہ پولیس نے مفرور ملزمان سمیت دیگر سنگین وارداتوں میں ملوث 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا

**متعدد گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلیں بند کردیں**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں، منشیات فروشوں، مفرور ملزمان سمیت دیگر سنگین وارداتوں میں ملوث 6 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 4 پسٹل بمعہ راؤنڈ، بھاری مقدار میں چرس برآمد کرلی۔ جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ متعدد گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلیں بند کردیں۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او انڈسٹریل پولیس خیر محمد نے کارروائی کرتے ہوئے احمد خان کو گرفتار (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

## ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت تمام ضلعی محکموں کے سربراہان کا اجلاس

**محکموں کے سربراہان نے اپنے اپنے دفاتر کو درپیش مسائل اور دیگر انتظامی امور کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا**

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ضلع نصیر آباد کے تمام ضلعی محکموں کے سربراہان کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف سرکاری محکموں کی کارکردگی دفاتر میں درپیش مسائل افسران واہلکاران کی حاضری عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران مختلف محکموں کے سربراہان نے اپنے اپنے دفاتر کو درپیش مسائل اور دیگر انتظامی امور کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا اس موقع پر افسران واہلکاران کی بروقت اور باقاعدہ حاضری کو یقینی بنانے کے لیے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ عوامی مسائل کے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین مگسی ملاقات کر رہے ہیں

## ضلع برشور کی ترقی، جاری منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا' خالد شمس

**برشور ہسپتال کو ڈی ایچ کیو کا درجہ، عوامی سہولیات کیلئے جوائنٹ ڈسٹرکٹ سیکرٹریٹ قائم کرنے کا فیصلہ**

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے کہا ہے کہ ضلع برشور کو ترقی دینے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار کو بہتر بنانے کا اصولی فیصلہ وقت کی ضرورت ہے، جبکہ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر بروقت فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز تو بہ کاکڑی میں زیر تعمیر ہسپتال اور انٹر کالج کا دورہ کرنے کے محال پر قبائلی عمائدین اور متعلقہ آفسران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے کہا کہ نئے ضلع کی تعمیر و ترقی اور پسماندگی کا خاتمہ کرنا وقت کی ضرورت ہے، انہوں نے واضح کیا (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

## جعفر آباد' بچوں کو اسکولوں میں داخل کرانے کیلئے آگاہی ریلی اور سیمینار کا انعقاد

**اسکول سے باہر بچوں کو تعلیمی دھارے میں لانے کیلئے شعور اجاگر کرنا ہوگا: مقررین**

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع جعفر آباد میں داخلہ مہم کے سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ دھیرج کالرا کی سربراہی میں آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا، ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر بچوں کو اسکولوں میں داخل کرانے اور تعلیم کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی پیغامات درج تھے۔ ریلی میں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر جعفر آباد شکیل احمد، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر رسول بخش، ڈسٹرکٹ لٹریسی آفیسر طیبہ طاہر، ساحل سکندر گولہ سمیت کثیر تعداد میں طلباء و طالبات، سول سوسائٹی کے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

## آج کے جدید دور میں تعلیم کے بغیر ترقی کا تصور ممکن نہیں، عالم لون

**تعلیم، شعور اور آگاہی ہی کسی بھی قوم کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی اصل ضمانت ہیں**

لورالائی (آن لائن) دنیا بھر کی طرح لورالائی میں بھی آج عالمی یوم خواندگی منایا جارہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد تعلیم اور خواندگی کی اہمیت کو اجاگر کرنا، عوام میں علم وشعور کے فروغ کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا اور معاشرے کے ہر فرد تک تعلیم کی روشنی پہنچانے کے عزم کی تجدید کرنا ہے عالمی یوم خواندگی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر لورالائی عالم لون نے کہا ہے کہ تعلیم، شعور اور آگاہی ہی کسی بھی قوم کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی اصل ضمانت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی معاشرہ اس وقت تک حقیقی معنوں میں ترقی نہیں کرسکتا جب تک اس کے تمام افراد خصوصاً نئی نسل کو معیاری تعلیم کے یکساں مواقع فراہم نہ کیے (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

## شہر میں صفائی ستھرائی کا عمل روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھا جارہا ہے، محبّ اللہ خان

**صفائی عملہ نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے بند نالیوں کی صفائی پر بھی خصوصی توجہ دے رہا ہے**

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد برڑیچ کی خصوصی ہدایات پر میونسپل کمیٹی لورالائی کی جانب سے شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محبّ اللہ خان کی نگرانی میں صفائی عملہ شہر کے مختلف زونز میں متحرک ہے اور نالیوں، مین ہولز، گلی محلوں، شاہراہوں اور قبرستانوں کی صفائی کا کام جاری رکھے ہوئے ہے تفصیلات کے مطابق سبزی منڈی کمپلیٹ زون میں نالیوں کی صفائی اور مین ہولز کی تنصیب کا کام کیا جارہا ہے، جبکہ گنجی قبرستان میں جمع شدہ کچرے (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)


پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر

"روزنامہ عوام"

302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

ای میل ایڈریس

dailyawamqta@gmail.com

فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر: 2832255




ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی سے بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید ملاقات کر رہے ہیں

# صادق عمرانی کا بیان پیپلز پارٹی کا موقف نہیں ذاتی رائے ہے، میر علی حسن زہری

مذکورہ بیان ان کی ذاتی رائے ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کی پالیسی، موقف یا پارٹی قیادت کی ہدایات کی عکاسی نہیں کرتا اور اسے کسی صورت پیپلز پارٹی بلوچستان کا موقف قرار نہیں دیا جاسکتا

**میرا موقف کسی ذاتی اختلاف یا گروہی مفاد کی بنیاد پر نہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کی پالیسی، جمہوری اقدار، آئینی ذمہ داری اور بلوچستان کے وسیع تر مفاد کے تحت ہے، سینئر صوبائی نائب صدر پی پی بلوچستان**

حب (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے بلوچستان اسمبلی کے 31 اگست کے اجلاس میں صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی جانب سے دیے گئے بیان پر واضح اور دوٹوک مؤقف کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ بیان ان کی ذاتی رائے ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کی پالیسی، مؤقف یا پارٹی قیادت کی ہدایات کی عکاسی نہیں کرتا اور اسے کسی صورت پیپلز پارٹی بلوچستان کا موقف قرار نہیں دیا جاسکتا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ میر محمد صادق عمرانی کی جانب سے اسمبلی کے فلور پر دیا گیا مذکورہ بیان ان کی ذاتی رائے اور ذاتی حیثیت میں دیا گیا بیان ہے، جس سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کا کوئی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

## مستونگ میں گھریلو ناچاقی پر شوہر کا بیوی پر تیزاب سے حملہ، خاتون شدید زخمی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع مستونگ میں مبینہ گھریلو ناچاقی کے دوران شوہر نے اپنی بیوی پر تیزاب پھینک (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

## پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام پر معاشی ظلم ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

**عوام سے قربانی مانگنے سے پہلے حکمران طبقے کو اپنے غیر ضروری اخراجات مراعات اور شاہانہ طرز زندگی میں کمی لانا ہوگی**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ حکومت کی عوام دشمن معاشی پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے۔ مہنگائی اور معاشی مشکلات سے دوچار عوام پر پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کا ایک (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

## عوامی رابطے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، نوابزادہ جمال رئیسانی

**حلقے کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ فورمز پر بھرپور آواز اٹھائی جائے گی**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم این اے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ عوامی رابطے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور حلقے کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ فورمز پر بھرپور آواز اٹھائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سراوان ہاؤس کوئٹہ میں این اے 264 سریاب کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے معززین، کارکنان اور نوجوانوں کے وفود سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات کے دوران حلقہ این اے 264 سریاب کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل اور بالخصوص نوجوانوں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر)

## الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ میں سلمان آصف کا ریاست مدینہ اور پاکستان پر لیکچر

**پاکستان اللہ کی عظیم نعمت ہے، ہر شہری کو اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے مثبت کردار ادا کرنا چاہیے: سلمان آصف**

کوئٹہ (آن لائن) الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ نے ریاست مدینہ اور پاکستان کے عنوان سے ایک خصوصی لیکچر کا اہتمام کیا۔ ایجوکیشن فزیالوجسٹ، پیرنٹ کاونسلر، آتھر، ڈائریکٹر ای آر ڈی سی سلمان آصف صدیقی نے لیکچر دیا۔ خصوصی لیکچر کے پروگرام میں الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ کی طالبات کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ سواں گارڈن اسلام آباد کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے خصوصی لیکچر کے پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت خنساء بلال نے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق صوبائی مشیر خزانہ میر خالد خان لانگو ملاقات کر رہے ہیں

## بلوچستان منرل مائننگ ایکٹ 2025 پر عملدرآمد یقینی بنائی جائیگی، سائرہ عطاء

**مائنز اینڈ منرل کی صنعت ملکی معیشت کیلئے ریونیو کلیکشن میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے**

لسبیلہ/ حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطائے کہا ہے کہ بلوچستان میں معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں مائنز اینڈ منرل کی صنعت ملکی معیشت کیلئے ریونیو کلیکشن میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے صوبے کی اقتصادی ترقی اور اس صنعت کی معدنی وسائل کو فروغ دینے میں وزیراعلیٰ بے وژن کے تحت انتظامیہ بھرپور معاونت فراہم کریگی یہ بات انہوں نے ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرل کیجانب سے دیگلخانہ بریفنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئیکہی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرل محمد ابراہیم بازنے بریفنگ میں بتایا کہ۔ محکمہ مائنز اینڈ منرل (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

## پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس سینڈمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کے کروڑوں روپے کے آڈٹ پیرازپر برہمی

**بلوچستان صوبائی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس چیئرمین کمیٹی اصغر علی ترین کی زیر صدارت کمیٹی روم میں منعقد ہوا**

**گزشتہ ڈیڑھ سال سے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی جانب سے دی جانے والی ہدایات کے باوجود آڈٹ پیراز پر کوئی خاطر خواہ پیش رفت نہیں ہوئی**

کوئٹہ (آن لائن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس، سینڈمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کے کروڑوں روپے کے آڈٹ پیراز پر سخت برہمی۔ سنڈیمن پراونشل سول ہسپتال کوئٹہ میں سال 18-2017 سے 22-2021 تک 10,443 ملین میں سے 9,576 ملین خرچ کیے گئے۔ لیکن ڈیپارٹمنٹ اور سول ہسپتال حکام حساب کتاب دینے سے گریزاں ہیں۔ چیئرمین پی اے سی و اراکین پی اے سی۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس چ